ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

April 2020
Rs.65/-

شرف شمس

اپنی کاپی بک کروائیں

راٹھور پبلشرز

راہنمائے عملیات (ماہنامہ)	65
راہنمائے عملیات (زرسالانہ)	1000
خالد روحانی جنتری (سالانہ)	250
خالد ہندی جنتری (سالانہ)	250
10 سالہ جنتری (2001 تا 2010)	250
ہندی نجوم بمعہ (20 سالہ ہندی تقویم 2001 تا 2020)	300
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	400
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	300
آپ کا برج	300
راٹھور تسویۃ البیوت (گلشن سارنی، پوری، نیاکی)	2500
راٹھور 60 سالہ تقویم (1940 تا 2000)	3000
راٹھور 50 سالہ تقویم (2001 تا 2050)	2500
راٹھور وقتی نجوم	400
احکام النجوم (وقتی نجوم)	400
کتاب الدلیل، کواکب، بدون حسابات	300
عملیات اسمائے ربی	400
روحانی مشورے	250
تسخیر موکلات، حاضرات	350
علم الحروف	300
راہنمائے عملیات	350
[illegible]	350
اکسیر الاحمر	300

السحر العجیب فی جلب الحبیب (1)	700
السحر العجیب فی جلب الحبیب (2)	500
السحر العجیب فی جلب الحبیب (3)	500
[illegible]	500
مجربات خالد	300
اصول و قواعد عملیات	500
مسائل کا روحانی حل	250
آسان عملیات	300
شفائے امراض	250
خاص نمبر (سحر، جادو، محبت، عداوت)	400
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	400
بحر الغرائب (ترجمہ)	550
اعمال شفق رامپوری	350
حروف نورانی	400
غائیت الحکیم	600
الشجرۃ النعمانیہ	400
اقوال امرضیہ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ	300
بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر	350
قسمت اور چانس	300
صفحہ، آنکڑہ اور بنڈل (حصہ اول) (نیا ترمیم شدہ ایڈیشن)	400
صفحہ، آنکڑہ اور بنڈل (چودہواں حصہ) برائے 2019	350
بانڈ [illegible]	350
اسباق دست شناسی	250
راہنمائے حل شناسی	250

ساعات حقیقی	250
کتب ابن عربی	400
ذائقے	250
خزینہ اعداد	300
مستحصلہ قادر الکلام	250
اسرار حیات	300
علم النفس	300
کتابی کورس علم عملیات (حصہ اول، دوم)	800
کتابی کورس علم عملیات (حصہ سوم و چہارم) آخری حصہ	1000
کتابی کورس انعامی نمبرز کرکٹ میچ فکر اور ریس (مکمل)	1000
کتابی کورس علم تسخیر حاضرات موکلات وجنات (مکمل)	1000
طلسمی جواہرات	450
جواہر الماعہ	500
اعمال مخفیہ، تسخیر، ہمزاد اور حاضرات	400
سیف بسم اللہ	390

جادو شکن تیل

ہر قسم کے سحر، جادو، اثرات، جناتی اثر، پریت، سایہ، دماغ کی بندش، ذہنی سستی اور کجی، رجعت، بندش اور ایسے ملتے جلتے تمام روحانی اور عملیات مسائل کا حل جادو شکن تیل میں پوشیدہ ہے۔ طریقہ استعمال بوتل پر تحریر ہے۔

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

سرپرست

خالد اسحاق راٹھور ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر

عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور

قیمت

راہنمائے عملیات -/65 فی شمارہ

راہنمائے عملیات (12 شمارے) -/1000 زرسالانہ

خالد روحانی جنتری	-/250
خالد ہندی جنتری	-/250

جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور راہنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی جریدہ میں شائع شدہ تحریر کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کارروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ

www.khalidrathore.com

ای میل

kirathor@yahoo.com

فیس بک

Rehnuma-e-amliyat

دفتری اوقات کار

صبح 11:00 تا شام 06:00 تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز

0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:

آئن لائن بنک اکاؤنٹ

A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک

Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ

عبدالباسط راٹھور

Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور

Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش

Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	5
عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال	7
خالد روحانی جنتری اپریل 2020	9
کونسی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟	10
اعمال شرف شمس	11
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	16
شرف شمس	26
الاسماء الحسنیٰ روحانی اثرات	27
اکابر کے مجرب عملیات	31
ارواح خبیثہ جن بھوت اتارنے کے تیر بہدف اعمال	35
قیمتی پتھر اور آپ	37
دفع بندش نکاح	41
شعبان المعظم کی عظمت و اہمیت	43
عملیات رحمانی	45
لکی نمبرز	49
آئیں دماغ لڑائیں	50
کرشماتی نمبر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 24 شمارہ 02

محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

ان صفحات کو ان محبان رسول ﷺ کیلئے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کیلئے بسر ہوئی۔

نسب شریف:

سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد بن اسد عبدالعزیٰ بن قصی بن کلاب مرہ بن کعب بن لوی۔ آپ کا نسب حضور پُر نور شافع یوم النشور ﷺ کے نسب شریف سے قصی میں مل جاتا ہے۔ سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت ام ہند ہے۔ آپ کی والدہ فاطمہ بنت زاہدہ بن الاصم بن عامر بن لوی سے تھیں۔

اللہ تعالیٰ کا سلام:

صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ بارگاہ رسالت میں جبرائیل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا اے محمد ﷺ آپ کے پاس حضرت خدیجہؓ دستر خواں لا رہی ہیں جس میں کھانا پانی ہے۔ جب وہ لائیں ان سے ان کے رب کا سلام فرمانا۔

افضل ترین جنتی عورتیں:

مسند امام احمد میں سیدنا ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' جنتی عورتوں میں سب سے افضل سیدہ خدیجہ بنت خویلدؓ' سیدہ فاطمہ بنت محمد ﷺ' حضرت مریم بنت عمران اور آسیہ امرہ فرعونؓ ہیں۔

سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تجارت میں دونا نفع:

سردار مکہ محمد مصطفی ﷺ کے اخلاق حسنہ کا ہر جگہ چرچا تھا حتی کے مشرکین مکہ بھی انہیں الامین والصادق سے یاد کرتے۔ سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے کاروبار کے لیے یکتائے روزگار کو منتخب فرمایا اور سرکار ﷺ کی بارگاہ میں پیغام پہنچایا کہ آپ سیدہؓ کا مال تجارت لے کر شام جائیں اور منافع میں جو مناسب خیال فرمائیں لے لیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اس پیشکش کو بامشورہ ابوطالب قبول فرما لیا۔ سیدہؓ نے اپنے غلام میسرہ کو بغرض خدمت حضور اقدس ﷺ کے ساتھ کر دیا حضور ﷺ نے اپنا مال بصرہ میں فروخت کر کے دونا نفع حاصل کیا نیز قافلے والوں کو آپ کی صحبت با برکت سے بہت نفع ہوا جب قافلہ واپس ہوا تو سیدہؓ نے دیکھا کہ دو فرشتے رحمت عالمیان ﷺ پر سایہ کناں ہیں نیز دوران سفر کے خوارق و کرامات کے واقعات نے سیدہؓ کو آپ کا گرویدہ کر دیا۔

سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح:

سیدہؓ مالدار ہونے کے علاوہ فراخدل اور قریش کی عورتوں میں اشرف والنسب تھیں۔ بکثرت قریشی آپ سے نکاح کرنے پر آمادہ تھے لیکن آپ نے کسی کے پیغام کو قبول نہ فرمایا بلکہ سیدہ نے سرکار ابد قرار ﷺ کی بارگاہ میں نکاح کا پیغام بھیجا اور اپنے چچا عمرو بن اسد کو بلایا۔ سردار دو جہاں ﷺ بھی اپنے چچا ابوطالب' حضرت حمزہؓ' حضرت ابوبکر صدیقؓ اور دیگر روساء کے ساتھ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان پر تشریف لائے۔ جناب ابوطالب نے نکاح کا خطبہ پڑھا۔ ایک روایت کے مطابق سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مہر ساڑھے بارہ اوقیہ سونا تھا۔ (ایک اقیہ چالیس درہم کے برابر ہوتا ہے) (بوقت نکاح سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر چالیس برس اور آقائے دو جہاں ﷺ کی عمر شریف پچیس برس کی تھی۔ جب تک آپ حیات رہی آپ کی موجودگی میں پیارے آقا ﷺ نے کسی عورت سے نکاح نہ فرمایا۔

غم گسار بیوی:

غار حرا میں حضرت جبرائیل علیہ السلام بارگاہ رحمت العالمین ﷺ میں وحی لے کر حاضر ہوئے اور عرض کیا پڑھیے حضور ﷺ نے فرمایا کہ ما انا بقاری میں پڑھنے والا نہیں یعنی کسی سے میں نے پڑھنا لکھنا نہیں سیکھا۔ اس کے بعد جبرائیل علیہ السلام نے اپنی آغوش میں لیا اور پوری طاقت سے دبایا پھر جبرائیل علیہ السلام نے حضور اکرم ﷺ کو چھوڑ کر

دوبارہ کہا پڑھیے۔ آپ نے کہا میں پڑھنے والا نہیں۔ جبرائیلؑ نے پھر آغوش میں لے کر بھینچا پھر چھوڑ کر کہا پڑھیے آپ نے کہا میں پڑھنے والا نہیں۔ تیسری مرتبہ پھر جبرائیلؑ نے آغوش میں لیا اور بھینچا اور کہا۔ (ترجمہ) پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا آدمی کو خون کی پھٹک سے بنایا۔ پڑھو اور تمہارا رب ہی سب سے بڑا کریم ہے جس نے قلم سے لکھنا سکھایا۔ آدمی کو سکھایا جو نہ جانتا تھا۔

اس پرمژدہ واقعہ سے آپ کی طبیعت بے حد متاثر ہوئی گھر واپسی پر سیدہؓ سے فرمایا زملونی زملونی مجھے کمبل اڑھاؤ مجھے کمبل اڑھاؤ۔ سیدہؓ نے آپ ﷺ کے جسم انور پر کمبل ڈالا اور چہرہ انور پر سرد پانی کے چھینٹے دیئے تا کہ خشیت کی کیفیت دور ہو۔ پھر آپ ﷺ نے سیدہؓ سے سارا حال بیان فرمایا۔ سیدہ خدیجہؓ نے آپ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپؐ کے ساتھ اچھا ہی فرمائے گا۔ کیونکہ آپ صلہ رحمی فرماتے، عیال کا بوجھ اٹھاتے، ریاضت و مجاہدہ کرتے، مہمان نوازی فرماتے، بے کسوں اور مجبوروں کی دستگیری کرتے، محتاجوں اور غریبوں کے ساتھ بھلائی کرتے لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آتے، لوگوں کی سچائی میں ان کی مدد اور ان کی برائی سے حذر فرماتے ہیں۔ یتیموں کو پناہ دیتے ہیں سچ بولتے ہیں اور امانتیں ادا فرماتے ہیں۔ سیدہؓ نے ان باتوں سے حضور ﷺ کو تسلی و اطمینان دلایا۔ کفار قریش کی تکذیب سے رحمت عالم ﷺ جو غم اٹھاتے تھے وہ سب سیدہؓ کو دیکھتے ہی جاتا رہتا تھا اور آپ ﷺ خوش ہو جاتے تھے اور جب سرکار ابد قرار ﷺ تشریف لاتے تو وہ آپ ﷺ کی خاطر مدارات فرماتیں جس سے ہر مشکل آسان ہو جاتی۔

سابق الایمان:

مذہب جمہور پر سب سے پہلے علی الاعلان ایمان لانے والی سیدہ خدیجہؓ ہیں۔ کیونکہ جب سرور دو جہاں ﷺ غار حرا سے تشریف لائے اور ان کو نزول وحی کی خبر دی تو وہ ایمان لائیں۔ بعض کہتے ہیں ان کے بعد سب سے پہلے سیدنا ابوبکر صدیقؓ ایمان لائے بعض کہتے ہیں سب سے پہلے سیدنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ ایمان لائے اس وقت آپ کی عمر شریف دس سال کی تھی۔ شیخ ابن الصلاح فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ محتاط اور موزوں تر یہ ہے کہ آزاد مردوں میں حضرت ابوبکر صدیقؓ، بچوں اور نوعمروں میں حضرت علیؓ عورتوں میں سیدنا خدیجہؓ اور موالی میں زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور غلاموں میں سے حضرت بلال حبشیؓ (بحوالہ مدارج النبوۃ)۔

سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فراخدلی:

سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح کے بعد حاسدین نے جناب سیدہؓ کی بارگاہ عالیہ میں نازیبا کلمات کی بوچھاڑ کر دی۔ کہنے لگے سیدہؓ نے مالدار ہونے کے باوجود والئی بیکساں ﷺ سے نکاح کر لیا۔ ان کلمات نے سیدہؓ کو بے چین کر دیا۔ آپ نے تمام روسا کو بلا کر گواہ کیا کہ میں نے اپنا تمام مال مالک کونین ﷺ کے حضور پیش کر دیا ہے اب اگر مفلس ہوں تو میں ہوں اور یہ حضور ﷺ کا کرم ہوگا اگر وہ میری مفلسی پر راضی ہو جائیں۔ حاضرین مجلس بہت ہی حیران ہوئے اور کہنے لگے حضور ﷺ بہت ہی مال والے ہیں اور حضرت خدیجہؓ اب مفلس ہو گئیں۔ حضرت خدیجہؓ نے جب یہ بات سنی تو آپ کو بہت بھلی معلوم ہوئے اور اس عار کو اپنے لئے فخر سمجھا۔ حضور ﷺ سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس فراخدلی پر بہت خوش ہوئے اور دل میں سوچا کہ خدیجہؓ کی اس فراخدلی کا کیا صلہ دوں۔ اتنے میں جبرائیل علیہ السلام آئے اور عرض کیا خدیجہؓ کے اس جذبہ کا صلہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ خدیجہؓ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جبکہ لوگ میری تکذیب کرتے تھے اور انھوں نے اپنے مال سے میری ایسے وقت مدد کی جبکہ لوگوں نے مجھے محروم کر رکھا تھا۔

اولاد کرام:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد سیدہ خدیجہؓ کے بطن سے پیدا ہوئی۔ بجز حضرت ابراہیمؓ کے جو سیدہ ماریہ قبطیہؓ سے پیدا ہوئے فرزندوں میں حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ کے اسمائے گرامی مروی ہیں جبکہ دختران میں سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمہ الزہراؓ ہیں۔

وصال:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تقریباً پچیس سال حضور پرنور شافع یوم النشور ﷺ کی شریک حیات رہیں۔ آپ کا وصال بعثت کے دسویں سال ماہ رمضان میں ہوا۔ اور مقبرہ حجون میں مدفون ہیں۔ حضور ﷺ آپؓ کی قبر میں داخل ہوئے اور دعائے خیر فرمائی۔ نماز جنازہ اس وقت تک شروع نہ ہوئی تھی۔ اس سانحہ پر رحمت عالم ﷺ بہت زیادہ ملول و محزون ہوئے۔

ذکر خیر:

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اکثر ذکر فرماتے رہتے تھے۔ بعض اوقات حضور ﷺ بکری ذبح فرماتے اور پھر اس کے گوشت کے ٹکڑے کر کے حضرت خدیجہؓ کی سہیلیوں کے گھر بھیجتے صرف اس لئے کہ یہ حضرت خدیجہؓ کی سہیلیاں تھیں۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات' سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

یہ ماہ ملک میں بڑھتے ہوئے صحت کے مسائل کی طرف اشارہ کررہا ہے۔ نیز اس ماہ پاکستان میں کرونا وائرس مزید پھیلنے کی توقع ہے۔ لہٰذا حکومت کو کافی متحرک انداز میں اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

حکومت اور اپوزیشن کی سرد جنگ بڑھے گی نیز حکومتی مسائل اور مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ معاشی معاملات مزید عدم استحکام کی طرف جاتے نظر آتے ہیں۔ حکومت اپنے وعدوں میں ناکام نظر آئے گی۔ پہلے بھی بارہا لکھا جاچکا ہے کہ قدرتی آفات کے ذریعے فصلوں کی تباہی کے امکانات ہیں اور ماہ مارچ میں بارشوں اور اولوں کی وجہ سے گندم کی فصل بہت سے علاقوں میں خراب ہو چکی ہے۔ اس حوالے سے مزید نقصان کی توقع ہے۔



فصلوں کی پیداوار اُمید کے مطابق نہ ہوگی۔ نیز پانی سے متعلق مسائل بھی بڑھیں گے۔

ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔ دوست ممالک کے ساتھ ہر سطح پر تعاون بڑھانے پر زور دیا جائے گا۔ دوسرے ممالک اور بین الاقوامی اداروں سے امداد اور قرض لینے کی مختلف کوششیں کی جائیں گی جس کے مثبت نتائج آئیں گے۔ غریب طبقے کے لیے مشکلات میں اضافہ ہوگا اور بے روزگاری بڑھے گی۔

وزیراعظم عمران خان کی معاشی پالیسیاں مزید ناکام ہوتی اور ملک کو پیچھے کی طرف دھکیلتی نظر آتی ہیں۔ اس ماہ بیرونی امداد پر خاطر خواہ زور دیا جائے گا جس میں کامیابی کی بھی توقع ہے۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔ عوام کے لیے علاج معالجے کی بنیادی سہولیات بھی مہنگی ہوتی جائیں گی۔

زراعت کے شعبے میں کوئی خاطر خواہ بہتری کی توقع نہیں بلکہ چھوٹے کاشت کاروں کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگا اس کی آمدن میں کمی آئے گی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار صوبے میں صحت کے مسائل حل کرنے کے حوالے سے اہم اقدامات اٹھاتے نظر آئیں گے۔ صوبے میں وائرس کے خطرات کے تناظر میں مزید اہم اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

صوبے میں اشیاء خوردو نوش کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لیے حکومتی ادارے کافی سرگرم نظر آئیں گے۔

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا زائچہ نسبتاً پہلے سے زیادہ متحرک نظر آتا ہے۔ صوبے میں صحت کے معاملات پر زیادہ توجہ دی جائے گی البتہ صوبے میں وائرس پھیلنے کے امکانات بھی زیادہ ہیں۔ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں قدرے ست روی دیکھنے کو ملے گی۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ محمود خان کی کارکردگی کافی غیر تسلی بخش رہے گی ان کی پارٹی کے اپنے اعلیٰ عہدیداران بھی ان کی کارکردگی سے قدرے ناخوش نظر آئیں گے۔ صوبے میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔ تعلیم کی طرف بھی عدم توجہی صوبے میں شرح خواندگی میں کمی کی طرف اشارہ

کر رہی ہے۔

سابق وزیراعظم نواز شریف کے لیے یہ ماہ تنقید میں اضافہ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ان کے مخالفین کے بیانات میں اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ صحت کے حوالے سے یہ ماہ اچھا نہیں۔ صحت اچانک زیادہ خراب ہونے کے خدشات ہیں۔

سابق صدر آصف علی زرداری کا زائچہ بھی صحت کے حوالے سے کوئی اچھی نظرات نہیں بنا رہا ہے۔ البتہ سیاسی میدان میں کافی متحرک اور اپنی پالیسیوں کو تھوڑا تبدیل کرتے نظر آئیں گے۔

اسٹاک مارکیٹ

یہ ماہ مجموعی طور پر مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔

مالیاتی ادارے

مارکیٹ میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا البتہ اس سیکٹر میں اونچ نیچ کے ساتھ ملا جلا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

اس سیکٹر میں مجموعی طور پر مندی دیکھنے کو ملے گی۔

انرجی سیکٹر

مجموعی طور پر مندی کا رجحان دیکھنے کو ملے گا خصوصاً پہلے عشرہ میں۔

فوڈ سیکٹر

اونچ نیچ کے ساتھ ملا جلا رجحان رہے گا۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلا عشرہ زیادہ مندی کو ظاہر کر رہا ہے اس کے بعد ملا جلا رجحان رہے گا۔

سیمنٹ سیکٹر

پہلے دو عشرہ اونچ نیچ کے ساتھ تھوڑی مندی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ البتہ آخری عشرہ میں مندی کا رجحان بڑھے گا۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

ملک کی معاشی صورتحال پر غور کیا جائے تو یہ ماہ معاشی لحاظ سے اچھا نہیں۔ اسٹاک مارکیٹ میں بھی مندی کا رجحان رہے گا۔ ملک میں فصلوں کی پیداوار بھی امید کے مطابق نہ ہوگی۔ حکومت مخالف آوازوں میں اضافہ ہوگا۔ حکومتی مشکلات بڑھیں گی۔ البتہ ملک میں صحت کے مسائل پر قابو پانے کے حوالے سے جامع حکمت عملی اپنائی جائے گی اور یورپ کی طرح حالات خراب ہونے کی توقع نہیں۔

برطانیہ

ملک میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔ نیز قدرتی آفات کے ذریعے بھی جانی نقصان میں اضافہ ہوگا۔ فصلوں کی پیداوار میں بھی کمی متوقع ہے۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں بھی اضافہ کی توقع ہے۔ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے پر زور دیا جائے گا۔

چین

معاشی لحاظ سے سخت وقت ہے۔ یہ ماہ پہلے کی نسبت زیادہ سختی کی طرف جاتا ہوا نظر آتا ہے۔ صحت کے مسائل پر کسی حد تک قابو پالیا جائے گا۔ ملک میں صحت کے مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے مزید پیش رفت ہوگی۔ بعض ممالک کے ساتھ اختلافات بڑھیں گے۔

انڈیا

حکومت کے خلاف اٹھتی ہوئی آوازوں میں اضافہ ہوگا۔ مذہب کے نام پر پھیلنے والے فسادات میں اضافہ ہوگا۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔ دنیا میں پھیلے وبائی امراض اب انڈیا میں بھی مزید پھیلنے کی توقع ہے۔ ملکی اجناس کی برآمدات کو بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور اس حوالے سے اہم پیش رفت ہوگی۔

ایران

ملک میں صحت کے مسائل میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ کرونا وائرس بھی ملک میں تھمنے کی بجائے مزید بڑھے گا۔ ملکی زرعی پیداوار میں کمی آئے گی۔ اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافہ ممکن ہے۔

بحرالغرائب

بحرالغرائب "محمد بن ابو سعید الهروی" کی الاسماء الحسنیٰ کے موضوع پر ایک نایاب اور قدیم کتاب ہے۔ جس میں الاسماء الحسنیٰ کے معنی و فوائد کے ساتھ ساتھ ان کے حرفی اور عددی نقوش بھی دیئے گئے ہیں۔ نیز کتاب کے آخر میں مصنف نے اسماء باری تعالیٰ سے متعلق چند خاص الواح کا ذکر بھی کیا ہے۔ یہ کتاب ادارے نے اپنے قارئین کے لیے اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کی ہے۔ کتاب حاصل کرنے کے لیے ادارے سے رجوع کریں۔

اس ماہ کے خاص

تحریر: عبدالباسط راٹھور

عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

ملازمت میں ترقی

شرف شمس

اختتام شرف	ابتداء شرف	
08-04-2020	07-04-2020	تاریخ
14:14	13:49	وقت

وہ ملازمت پیشہ افراد جن کی ترقی کافی سالوں سے رکی ہوئی ہے
ر کارکردگی دکھانے کے باوجود ان کو قابلیت کے اعتراف میں ترقی نہیں دی
رہی ہے تو اس عمل کو ضرور آزمائیں، اللہ تعالیٰ کے کرم سے آپ کو ترقی ملے
ں اور بہتر نوکری کے اسباب بھی پیدا ہوں گے۔

اسماء الحسنیٰ: یا اللہ یا فتاح یا رافع یا معز یا نافع

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا فتاح یا رافع یا معز یا نافع			
٣٠٩	٣٠٦	٢٩٨	٣١٢
٢٩٩	٣١١	٣١٠	٣٠٥
٣١٤	٣٠٠	٣٠٤	٣٠٧
٣٠٣	٣٠٨	٣١٣	٣٠١
یا اللہ یا فتاح یا رافع یا معز یا نافع			

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا فتاح یا رافع یا معز یا نافع			
٣١٢	٢٩٨	٣٠٦	٣٠٩
٣٠٥	٣١٠	٣١١	٢٩٩
٣٠٧	٣٠٤	٣٠٠	٣١٤
٣٠١	٣١٣	٣٠٨	٣٠٣
یا اللہ یا فتاح یا رافع یا معز یا نافع			

ایک نقش بادی چال سے تیار کریں اور ایک آبی چال سے۔ آبی نقش کو چلتے پانی میں بہا دیں اور بادی چال کے نقش کو سرسبز درخت پر لٹکا دیں۔

صدقہ:

دیسی مرغ لال رنگ کا ذبح کر کے صدقہ کریں۔

بخور:

لوبان کی اگربتی سلگائیں۔

قانونی مقدمات کا فیصلہ

شرف شمس

اختتام شرف	ابتداء شرف	
08-04-2020	07-04-2020	تاریخ
14:14	13:49	وقت

وہ افراد جو قانونی مسائل کا شکار ہیں اور ناحق کسی کیس میں پھنسے ہوئے ہیں یا آپ کا حریف مقدمات میں غیر ضروری التواء کا باعث بن رہا ہے اور کیس کو آگے چلنے نہیں دے رہا تو اس صورت میں یہ عمل آپ کے لیے باعث مسرت ثابت ہوگا۔ مقدمہ میں آسانی آئے گی اور ایک جگہ پر رکے ہوئے کیس

میں پیش رفت ہوگی۔

الاسماء الحسنیٰ: یااللہ یاحکیم یامحی یاوالی یاوکیل

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یااللہ یاحکیم یامحی یاوالی یاوکیل			
۸۱	۷۸	۷۱	۸۵
۷۲	۸۴	۸۲	۷۷
۸۷	۷۳	۷۶	۷۹
۷۵	۸۰	۸۶	۷۴
یااللہ یاحکیم یامحی یاوالی یاوکیل			

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یااللہ یاحکیم یامحی یاوالی یاوکیل			
۷۱	۸۵	۸۱	۷۸
۸۲	۷۷	۷۲	۸۴
۷۶	۷۹	۸۷	۷۳
۸۶	۷۴	۷۵	۸۰
یااللہ یاحکیم یامحی یاوالی یاوکیل			

بادی چال سے دو نقش تیار کریں اور ایک نقش خاکی چال سے۔ ایک بادی نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھیں دوسرے بادی نقش کو درخت پر لٹکا دیں۔ خاکی نقش کو اسی درخت کی جڑوں کے پاس دفنا دیں۔

صدقہ:

۳ پرندے آزاد کروائیں۔

بخور:

مشک وعود کا استعمال کریں۔

مکان وفیکٹری کی حفاظت

عطارد تسدیس مریخ

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
20-04-20	19-04-20	18-04-20	تاریخ
06:31	08:56	10:52	وقت

اپنے مکان، فیکٹری یا کام کی جگہ کی حفاظت اور ہر طرح کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ اس نقش کا مقصد صرف مکان یا فیکٹری کے در و دیوار کی مضبوطی نہیں بلکہ اس سے آپ جادو و شیاطین سے حفاظت، بدنظر کی نظر سے حفاظت، حاسدین کے حسد سے حفاظت، ظالموں کے شر سے حفاظت بھی مقصود ہے۔ اللہ پاک کے ناموں سے تیار کیا گیا نقش ہر شخص کو اپنے گھر، فیکٹری اور کاروبار کی جگہ پر لگانا چاہیے۔

الاسماء الحسنیٰ: یااللہ یاسلام یامومن یامہیمن یاحفیظ

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یااللہ یاسلام یامومن یامہیمن یاحفیظ			
۳۷۲	۳۶۸	۳۶۱	۳۷۵
۳۶۲	۳۷۴	۳۷۳	۳۶۷
۳۷۷	۳۶۳	۳۶۶	۳۷۰
۳۶۵	۳۷۱	۳۷۶	۳۶۴
یااللہ یاسلام یامومن یامہیمن یاحفیظ			

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یااللہ یاسلام یامومن یامہیمن یاحفیظ			
۳۷۵	۳۶۱	۳۶۸	۳۷۲
۳۶۷	۳۷۳	۳۷۴	۳۶۲
۳۷۰	۳۶۶	۳۶۳	۳۷۷
۳۶۴	۳۷۶	۳۷۱	۳۶۵
یااللہ یاسلام یامومن یامہیمن یاحفیظ			

بادی چال سے تیار کیا گیا نقش مکان یا فیکٹری میں لٹکائیں۔ جبکہ آبی چال سے تیار کیا گیا نقش پانی میں حل کر کے گھر یا فیکٹری کی دیواروں پر چھڑکیں مگر احتیاط رکھیں کہ پانی زمین پر نہ گرے۔

صدقہ:

نان حلیم پکا کر بانٹیں۔

بخور:

مشک اور مریخ کا عطر اور اگربتی سلگائیں۔

*****

خالد روحانی جنتری......اپریل 2020 / شعبان 1441 / چیت 2076 / بیساکھ 2077

ماہانہ تقویم					[illegible]	[illegible]	امور قمر				لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	اپریل	شعبان	چیت	حمل			برج	ابتداء	منزل	ابتداء	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
بدھ	1	7	19	13	س	7			طرفہ	16:38	05:52	18:22	06:23	18:49	06:02	18:34	06:22	18:51	05:57	18:28	06:05	18:33
جمعرات	2	8	20	14	س	8	اسد	23:28	رجبہ	15:51	05:50	18:23	06:22	18:49	06:00	18:35	06:21	18:52	05:55	18:29	06:04	18:34
جمعہ	3	9	21	15	س	9			زبرہ	14:20	05:49	18:23	06:21	18:49	05:59	18:36	06:19	18:52	05:54	18:29	06:03	18:35
ہفتہ	4	10	22	16	س	1			صرفہ	12:08	05:48	18:24	06:20	18:50	05:58	18:37	06:18	18:53	05:53	18:30	06:01	18:35
اتوار	5	11	23	17	س	2	سنبلہ	02:19	عوا	09:18	05:47	18:25	06:19	18:50	05:56	18:37	06:17	18:53	05:51	18:31	06:00	18:36
پیر	6	12	24	18	س	3			سماک	05:57	05:45	18:25	06:18	18:51	05:55	18:38	06:16	18:54	05:50	18:32	05:59	18:36
منگل	7	13	25	19	ن	4	میزان	02:17	غفرہ زبانہ	02:16 22:24	05:44	18:26	06:17	18:51	05:54	18:39	06:15	18:55	05:49	18:32	05:58	18:37
بدھ	8	14	26	20	ن	5			اکلیل	18:31	05:43	18:27	06:16	18:52	05:52	18:40	06:14	18:55	05:47	18:33	05:57	18:38
جمعرات	9	15	27	21	س	6	عقرب	01:17	قلب	14:51	05:42	18:27	06:15	18:52	05:51	18:40	06:12	18:56	05:46	18:34	05:56	18;38
جمعہ	10	16	28	22	ن	7			شولہ	11:31	5:41	18:28	06:14	18:53	05:50	18:41	06:11	18:56	05:45	18:34	05:54	18:39
ہفتہ	11	17	29	23	م	8	قوس	01:36	نعائم	08:43	05:39	18:29	06:13	18:53	05:48	18:42	06:10	18:57	05:44	18:35	05:53	18:39
اتوار	12	18	30	24	س	9			بلدہ	06:31	05:38	18:29	06:12	18:54	05:47	18:43	06:09	18:58	05:42	18:36	05:52	18:40
پیر	13	19	بیساکھ	25	س	1	جدی	05:06	ذابح	05:05	05:37	18:30	06:11	18:54	05:46	18:43	06:08	18:58	05:41	18:37	05:51	18:41
منگل	14	20	2	26	ن	2			بلعہ	04:24	05:36	18:31	06:10	18:55	05:45	18:44	06:07	18:59	05:40	18:37	05:50	18:41
بدھ	15	21	3	27	ن	3	دلو	12:38	سعود	04:26	05:35	18:31	06:09	18:55	05:43	18:45	06:06	19:00	05:39	18:38	05:49	18:42
جمعرات	16	22	4	28	س	4			اخبیہ	05:09	05:34	18:32	06:08	18:56	05:42	18:46	06:04	19:00	05:37	18:39	05:48	18:43
جمعہ	17	23	5	29	س	5	حوت	23:31	مقدم	06:25	05:32	18:33	06:07	18:56	05:41	18:46	06:03	19:01	05:36	18:40	05:47	18:43
ہفتہ	18	24	6	30	س	6			موخر	08:05	05:31	18:33	06:06	18:57	05:40	18:47	06:02	19:01	05;35	18:40	05:46	18:44
اتوار	19	25	7	ثور	ن	7			رشا	09:58	05:30	18:34	06:05	18:57	05:38	18:48	06:01	19:02	05:34	18:41	05:44	18:44
پیر	20	26	8	2	ن	8	حمل	12:02	شرطین	12:00	05:29	18:35	06:04	18:58	05:37	18:49	06:00	19:03	05:33	18:42	05:43	18:45
منگل	21	27	9	3	س	9			بطین	14:02	05:28	18:35	06:04	18:58	05:36	18:50	05:59	19:03	05:31	18:43	05:42	18:46
بدھ	22	28	10	4	س	1			ثریا	15:58	05:27	18:36	06:03	18:59	05:35	18:50	05:58	19:04	05:30	18:43	05:41	18:46
جمعرات	23	29	11	5	س	2	ثور	00:37	دبران	17:46	05:26	18:37	06:02	18:59	05:34	18:51	05:57	19:05	05:29	18:44	05:40	18:47
جمعہ	24	30	12	6	س	3			ھقعہ	19:23	05:25	18:37	06:01	19:00	05:33	18:52	05:56	19:05	05:28	18:45	05:39	18:48
ہفتہ	25	رمضان	13	7	س	4	جوزا	12:21	ھنعہ	20:45	05:24	18:38	06:00	19:00	05:31	18:53	05:55	19:06	05:27	18:46	05:38	18:48
اتوار	26	2	14	8	س	5			ذراعہ	21:47	05:23	18:39	05:59	19:01	05:30	18:53	05:54	19:07	05:26	18:46	05:37	18:49
پیر	27	3	15	9	ن	6	سرطان	22:29	نثرہ	22:27	05:22	18:39	05:58	19:01	05:29	18:54	05:53	19:07	05:25	18:47	05:36	18:49
منگل	28	4	16	10	س	7			طرفہ	22:40	05:21	18:40	05:58	19:02	05:28	18:55	05:52	19:08	05:24	18:48	05:35	18:50
بدھ	29	5	17	11	ن	8			جبہ	22:19	05:20	18:41	05:57	19:02	05:27	18:56	05:51	19:09	05:23	18:49	05:34	18:51
جمعرات	30	6	18	12	ن	9	اسد	06:07	زبرہ	21:25	05:19	18:42	05:56	19:03	05:26	18:57	05:50	19:09	05:22	18:49	05:33	18:51

نظر لگنا وجدان، دماغی صلاحیتیں، تسخیر

ترملین

وہ جو وجدانی قوتوں کے حصول کے خواہش مند ہوں یا چاہتے ہوں کہ اِن کی دماغی صلاحیتیں ترقی پذیر ہوں یا تسخیر ارواح وموکلات وغیرہ کا معاملہ ہوتو ایسے تمام اُمور میں مہارت کے لیے ترملین کا انتخاب کریں۔ ترملین کے اندر ایسی سحری وطلسماتی قوتیں ہیں جن کے اثر سے انسانی دماغ میں کرنٹ اور لہروں کا خوبصورت توازن قائم ہوتا ہے جو تمام قسم کے روحانی اعمال میں موثریت کا حامل ہے۔ اصل پتھر استعمال کریں۔

کون سی نظرات مؤثر ہیں، کون سی نہیں؟



کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
زہرہ تثلیث زحل	03-04-20 17:35	04-04-20 22:10	06-04-20 03:09	بنیادی طور پر بری نظر نہیں ہے لیکن جاری کواکبی صورت حال میں اس نظر کے تحت تیار کردہ اعمال روحانی مؤثر نہ ہوں گے۔ نتائج 40 فی صد سے زیادہ نہ ہوں گے۔
عطارد تسدیس مشتری	07-04-20 13:59	08-04-20 07:21	09-04-20 00:27	حسابی لحاظ سے سعد نظر ہے۔ اور مثبت اعمال کے لیے استعمال ہوتی ہے لیکن موجودہ پوزیشن ایسی نہیں کہ کوئی بھی اچھا عمل کیا جائے۔ کامیابی نہ ہوگی، باز رہیں۔
عطارد تسدیس زحل	11-04-20 13:29	12-04-20 04:59	12-04-20 20:18	یہ نظر سعد اعمال و نقوش اور الواح کے لیے مؤثر خیال کی جاتی ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال 40 فی صد تک کام کریں گے۔
شمس تربیع مشتری	14-04-20 13:02	15-04-20 16:00	16-04-20 18:53	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے مؤثر ہے۔ تاہم اعمال روحانی و عملیاتی اُمور میں کام یابی کی شرح 40 / 50 فی صد سے زیادہ نہ ہوگی۔
عطارد تسدیس زہرہ	17-04-20 11:35	18-04-20 10:37	19-04-20 08:45	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
عطارد تسدیس مریخ	18-04-20 10:52	19-04-20 08:56	20-04-20 06:31	نظری اعتبار سے موزوں وقت ہے لیکن عملی طور پر اس وقت کیے گئے سعد اعمال روحانی اور نقوش وغیرہ مؤثر نہ ہوں گے۔
شمس تربیع زحل	20-04-20	21-04-20	22-04-20	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی نحس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی نحس کام کے لیے مؤثر نہیں۔

نجومی رپورٹ
23 اہم امور

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں۔ اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع، دلچسپ اور سستی رپورٹ ثابت ہوگی۔ رپورٹ میں زیر بحث آنے والے 23 امور درج ذیل ہیں۔

1 آپ کا مزاج و کردار کس طرح کا ہے؟
2 زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات کے موضوع کا بیان۔
3 محبت و رومانس کے معاملات، دیکھیں آپ کے لیے اس میں کیا ہے؟
4 عام ڈگر سے ہٹ کر آپ کی دلچسپیاں اور مشاغل کیا ہو سکتے ہیں؟
5 معاملات صحت کیسے رہیں گے؟ کون سے امراض تنگ کر سکتے ہیں؟
6 مالی معاملات کی صورت کیا ہوگی؟ مال و دولت کی چند خاص باتیں۔
7 آپ کی زندگی اور طریق زندگی آپ کی نظر میں۔
8 کیریئر/معاشی معاملات میں کامیابی، کیوں اور کیسے؟
9 روزگار کے معاملات کیسے رہیں گے؟ کیا کریں اور کیسے کریں؟
10 آپ کا ذاتی برج کون سا ہے؟
11 آپ کا ذاتی ستارہ کون سا ہے؟
12 کس کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا؟
13 ہفتہ کا کون سا دن آپ کے لیے بہتر ہے؟
14 آپ کا خوش قسمتی کا رنگ کون سا ہے؟
15 کون سی دھات آپ حصول خوش قسمتی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟
16 کون سا عدد/اعداد آپ کے لیے خوش قسمت ہے؟
17 حاجات و مسائل کے حل کے لیے کون سا اسم الہٰی آپ کو پڑھنا چاہیے؟
18 آپ کے زائچہ میں کواکب کی شرف و ہبوط کی حالتوں کا مکمل بیان۔ بلحاظ شرف و ہبوط کون سا کوکب زائچہ میں سعد اور کون سا نحس ہے؟
19 بلحاظ زائچہ آپ کو حل مسائل کے لیے کیا چیز، کب اور کس دن صدقہ کرنی چاہیے؟
20 قمری لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
21 شمسی لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
22 طالع کے لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
23 پیدائشی زائچہ بمعہ کواکبی نظرات، کواکب در گھر، کواکب در بروج، کواکبی درجات، طالع عاشر اور دیگر تکنیکی معلومات

خط لکھنے کا ——— کوائف: نام بمعہ نام والد، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش
وقت، تاریخ اور مقام صاف ستھرا اور درستگی کے ساتھ تحریر کریں

اعمال شرف شمس

تحریر: خالد اسحٰق راٹھور

ایک زوداثر اور یقینی عمل

علم نجوم میں سورج یعنی شمس تخلیق، اقتدار، حکومت، بادشاہت، عزت، وقار، طاقت، شہرت، قوت، جاہ وجلال اور لیڈرشپ سے منسوب ہے۔ ہر سال جب یہ آسمان پر حرکت کرتے ہوئے برج حمل کے 19 ویں درجے پر پہنچتا ہے تو طاقت ور اور سعد ترین حالت میں ہوتا ہے۔ عملیات کے میدان میں یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سعد اور طاقت ور وقت کے دوران معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، کامیابی، ترقی، کاروبار، الیکشن میں کامیابی، اعلیٰ عہدہ وحکومت، دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے خصوصی نقش یا لوح تیار کی جاتی ہے۔ ذیل میں تحریر کردہ طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے آپ بھی اس سعد وقت میں اپنی کامیابی کے لیے نقش ولوح تیار کر سکتے ہیں یا اس مقصد کے لئے ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔

طریقہ عمل

مندرجہ بالا مقاصد کے حوالے سے خصوصی اسماء الٰہی کے اعداد شمسی جو کہ 5454 بنتے ہیں۔ ان میں سائل کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کر کے جمع کریں۔ کل اعداد میں سے تیس عدد تفریق کر دیں اور باقی کو چار سے تقسیم کریں۔ جو حاصل قسمت ہو اس کو چال کے مطابق خانہ اول میں تحریر کریں اور اسی کے مطابق تمام نقش مکمل کریں۔ چار سے تقسیم کرنے سے کچھ بچ جائے تو اس طرح عمل کریں۔ باقی قسمت ایک ہو تو خانہ تیرہ میں دو ہو تو خانہ نو میں، تین ہو تو خانہ پانچ میں، ایک عدد کا اضافہ کر دیں۔

نقش کی چال یوں ہوگی۔

١١	٨	١	١۴
٢	١٣	١٢	٧
١۶	٣	۶	٩
۵	١٠	١۵	۴

بادی نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یااللہ یارافع یا واسع یانافع یاعزیز یافتاح

١٣۶۶	١٣۶٣	١٣۵۶	١٣۶٩
١٣۵٧	١٣۶٨	١٣۶٧	١٣۶٢
١٣٧١	١٣۵٨	١٣۶١	١٣۶۴
١٣۶٠	١٣۶۵	١٣٧٠	١٣۵٩

یااللہ یارافع یا واسع یانافع یاعزیز یافتاح

ضروری ہدایات:

1۔ نقش کے ماتھے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم تحریر کریں۔

2۔ چاروں کونوں میں یا اللہ تحریر کریں۔

3۔ چاروں اضلاع کے گرد چاروں مقرب فرشتوں جبرائیل، عزائیل، میکائیل اور اسرافیل کے نام لکھیں۔

4۔ اضلاع کے ساتھ اطراف میں اللہ تعالیٰ کے درج ذیل نام تحریر کریں۔

یا اللہ یا رافع یا واسع یا نافع یا عزیز یا فتاح

5۔ نقش کے چاروں اضلاع بسم اللہ سے مکمل کریں۔
6۔ نقش کے اردگرد موکل استخراج کرکے لکھیں۔
7۔ نقش کو بہ مرتبہ چال مکمل کریں۔

نقش شرف شمس کی مناسبت سے ساعت شمس میں تحریر کریں۔ میرا مشورہ ہے کہ اس کو سونے پر کندہ کروالیں تو زیادہ بہتر ہے۔ تاہم اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر چاندی پر یا بحالت مجبوری کاغذ پر بھی تحریر کرسکتے ہیں۔ قوی اثرات بالترتیب سونے، چاندی اور کاغذ سے حاصل ہوں گے۔ آپ اس کو بصورت لاکٹ، انگوٹھی، ہار یا جیب میں رکھ کر استعمال کرسکتے ہیں۔ قبل استعمال شمس کی مناسبت سے صدقہ دیں۔

ساعت عمل:

شرف شمس کے حوالے سے جو بھی عمل تیار کریں کوشش کریں کہ ساعت شمس میں اور دن کے اوقات میں ہو۔ شرف شمس کا عمل رات کی بجائے دن کے وقت زیادہ موثر ہوتا ہے۔

وقت شرف:

اس سال شمس کو شرف 07 اپریل 2020، دوپہر 01:49 تا 08 اپریل دوپہر 02:14 تک ہوگا۔ اس وقت درجہ شرف کی ابتداء ہوگی۔ یعنی ان اوقات کے درمیان آپ ساعت شمس میں یہ نقش یا لوح تیار کرسکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے رات کی بجائے دن کا وقت زیادہ موزوں ہے۔

بخور: نقش لکھتے یا لوح کندہ کرتے ہوئے صندل و زعفران کا بطور بخور استعمال کریں۔

سیاہی: کاغذ پر نقش تحریر کریں تو زعفران خالص اور آب زم زم ملا کر سیاہی تیار کریں۔

قلم: کسی پھل دار درخت کی شاخ کو بطور قلم استعمال کریں۔

موکل: جس قدر کل اعداد ہوا ان کے حروف استخراج کریں۔ ان حروف کے موکل نقش کے چاروں طرف تحریر کردیں۔

طریقہ استعمال: دو نقش مندرجہ بالا چال سے تحریر کرنے کے بعد ایک نقش ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں اور دوسرا نقش اپنے دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔

صدقہ: نقش کا استعمال شروع کرنے سے قبل جانور مثل مرغ، بکری وغیرہ بقدر گنجائش برنگ سنہرا بطور صدقہ دیں۔

ذکر: جس قدر کل اعداد حاصل ہوا اس قدر ان اسماء الہی کا ذکر روزانہ طلوع آفتاب کے وقت کریں۔ کل اعداد کا مفرد عدد حاصل کرکے اتنے ہزار مرتبہ روزانہ ذکر کرنا ہے۔

نقش تیار کرنے کا طریقہ کار تحریر کردیا ہے۔ وہ اصحاب جو اس کو خود نہ تیار کرسکیں وہ خالد اسحق راٹھور سے یہ خصوصی نقش ولوح تیار کرواسکتے ہیں۔

حاکم اعلیٰ یا حکام میں مقبولیت

☆ اس مقصد کے لئے درج ذیل مثلث کو طالع اسد میں شرف شمس کے وقت کندہ کروائیں۔ سائل مرد ہو تو چاندی کی اور عورت ہو تو سونے کی انگوٹھی



تسخیر موکلات و حاضرات

تسخیر موکلات و حاضرات کا موضوع علوم مخفی کے ہر شائق کے لیے کسی نہ کسی طرح کی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ تاہم تسخیر موکلات و حاضرات جیسے خاص امر میں قدم رکھنے سے پہلے اس منزل کو سر کرنے کے لیے جس خصوصی راہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے وہ اس علم کے طالبان کو نہیں ملتی۔ یہ کتاب جہاں قاری کی درست راہنمائی کا باعث ہوگی وہاں یہ خالد اسحاق راٹھور کے تسخیر موکلات، حاضرات، جنات وغیرہ کے موضوع پر مستند اعمال لیے ہوئے ہے۔ اس موضوع پر کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے آپ اس کتاب سے حقیقی راہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ تسخیر موکلات و حاضرات کے حوالے سے کسی بھی مشق وغیرہ کی ابتداء سے قبل اس کا مطالعہ ضرور کرلیں تاکہ درست راستے کے تعین کرنے میں آپ کو آسانی ہو۔ یہ کتاب ایک اعتماد اور راہنمائی دے گی۔

پرتحریر کرنا چاہئے۔ اعلیٰ حکام بادشاہ وقت کے پاس مقبولیت حاصل ہو اور ان کے پاس رو کے ہوئے کام مکمل ہوں۔

ا	ا	ا
ا	ا	ا
ا	ا	ا

اولاد نرینہ

عموماً عاملین شرف شمس کے وقت تسخیر، حکومت، بادشاہت، امارت، عہدے اور مرتبے وغیرہ کے اعمال تیار کرتے ہیں۔ تاہم میں ان میں سے کوئی عمل یہاں تحریر نہیں کر رہا بلکہ ایک ایسا عمل تحریر کر رہا ہوں جس کا ذکر بھی پہلے آپ کی سماعت سے نہ گزرا ہوگا۔

وہ جوڑے جو اولاد نرینہ سے محروم ہیں وہ اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شمس کے تحت اس سعد وقت میں اگر اسم الٰہی ''اول'' جو کہ حرف ''ا'' سے شروع ہوتا ہے کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس کے اثرات دو چند ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ:۔

اولاد نرینہ کے لئے نقش تیار کرنے کا طریقہ کچھ یوں ہے۔

۱۔ نام سائل بمعہ نام والدہ سائل (زوجین) کے لیں۔

۲۔ ان میں اسم الٰہی ''اول'' کا اضافہ کریں۔

۳۔ تمام الفاظ کی بسط حرفی کریں مگر تکرار والے حروف کو کاٹیں مت۔

۴۔ اس سطر کی تکسیر حاصل کریں۔

۵۔ اس تکسیر میں جس قدر حروف نورانی حاصل ہوں ان کے اعداد کے مطابق نقش تحریر کر کے طالب وسائل کو دیں۔

۶۔ طالب کی مالی حیثیت کے مطابق سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کریں۔ یوں اس کو کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔

۷۔ تکسیر سے موکل اور اعوان استخراج کر کے نقش کے چہار اطراف میں تحریر کریں۔

۸۔ نقش کے اضلاع بسم اللہ سے بنائیں اور چاروں کونوں میں چاروں مقرب ترین فرشتوں کے نام تحریر کر دیں۔

مثال:۔

مندرجہ بالا قواعد کی وضاحت کے لئے حقیقی مثال نہیں لی جا سکتی کیونکہ وہ بہت طویل ہو جائے گی۔ مختصراً سائل اور اسم الٰہی سے کر تکسیر کرتے ہیں۔

نام سائل:۔ احمد

اسم الٰہی:۔ اول

ل	و	ا	و	م	ح	ا
د	م	ا	ح	و	ا	ل
ح	و	ا	ا	م	ل	د
ا	م	ا	ل	و	د	ح
ل	و	ا	و	م	ح	ا
د	م	ا	ح	و	ا	ل
ح	و	ا	ا	م	ل	و
ا	م	ا	ل	و	د	ح
ل	و	ا	د	م	ح	ا

اب تمام حروف نورانی کا استخراج کریں اور ان کی عددی قیمت لیں۔ ہماری مثال میں ان کی کل عددی قیمت ۲۰۷ بنتی ہے۔ اس کے مطابق نقش ۱۰۲ الف پُر کریں۔ خیال رہے یہ چال ہے مسدس کی جو کہ منسوب شرف آفتاب سے ہے۔ عموماً تجربہ کار اور صاحب علم عاملین کو اس نقش کے لکھنے کے بارے میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم یاد دہانی کے لئے تحریر کیے دیتا ہوں کہ جس قدر اعداد حاصل ہوں۔ ان میں سے ۱۰۵ عدد قانون کے تفریق کر کے باقی کو ۶ سے تقسیم کر دیں۔ جو حاصل آئے اس کو چال کے خانہ اول میں رکھ کر نقش مکمل کر لیں۔ اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو بمطابق کسر مختلف خانوں میں سے متعلقہ خانے میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

۱۰۲

۱	۳۵	۳	۳۴	۳۲	۶
۳۰	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۲۰	۱۹
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۳۱	۲	۳۳	۴	۵	۳۶

خارج قسمت ا ہو تو خانہ ۳۱ میں، دو ہو تو خانہ ۲۵ میں، تین ہو تو خانہ ۱۹

عطر عود

ذہن میں توازن پیدا کرنے، ذہن کو پرسکون رکھنے کے لیے، خوف کو کم کرنے، جسم کو قوت دیتا ہے، نفسانی خواہش میں اضافہ، معدے کے لیے مفید، گری کے تیل کے ساتھ اس کا استعمال جلد کے لیے نہایت مفید ہے۔ جلدی بیماریوں، گردے اور جگر کے لیے مفید، استھما کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے، نیند کو بہتر بناتا ہے، جوڑوں کے درد میں مفید ہے، مختلف طرح کی الرجی میں مفید، کینسر کے مریضوں کے لیے شفا، جلدی امراض کے لیے نہایت مفید، زخم بھرنے میں مفید، قے آنے کی صورت میں روکنے کے لیے۔

میں' چار ہوتو خانہ ۱۳ میں اور اگر پانچ ہوتو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کردیں۔
اگر آپ کا ارادہ یہ نقش تحریر کرنے کا ہوتو قبل از وقت اس کی تیاری کر لیں اور عین وقت پر اس کو سونے' چاندی یا کاغذ پر منتقل کرلیں۔ اللہ مدد کرنے والا ہے۔

شرف شمس+حروف نورانی=فتحنامہ

ماہ اپریل میں جب یہ مضمون آپ کی آنکھوں کے سامنے ہوگا تو اس ماہ ایک خاص وقت شرف شمس بھی ہوگا۔ سو اس مناسبت سے حروف نورانی کے حوالے سے شمس طاقتوں کے حصول کا ایک عمل تحریر کررہا ہوں تاکہ حروف نورانی اور شرف شمس کی قوتوں کو یکجا کیا جاسکے۔

عمل

اس مقصد کے لیے حروف نورانی کے اور فرد کے ناموں کی بسط حرفی کرنے کے بعد تکسیر بنالیں۔ تکسیر کے حاصلہ اعداد کے مطابق چاروں چالوں سے کاغذ پر نقش بنالیں اور بلحاظ طبع اِن کو استعمال کریں اور فرد نے اپنے پاس (اِن میں سے) کوئی نقش نہیں رکھنا۔ یعنی آتشی کو حرارت والی جگہ پر رکھ دیں یا دفن کردیں، بادی کو کسی درخت کے ساتھ لٹکادیں۔ آبی کو پانی میں بہادیں اور خاکی کو زمین میں دفن کردیں۔

خاص نقش

حاصلہ اعداد کو چار سے تقسیم کریں اور دیکھیں باقی قسمت کیا ہے۔ اگر:
۱ بچے تو نقش کی چال آتشی ہوگی۔
۲ بچے تو نقش کی چال بادی ہوگی۔
۳ بچے تو نقش کی چال آبی ہوگی۔
۴ بچے تو نقش کی چال خاکی ہوگی۔

حاصلہ چال کا ایک اور نقش کاغذ یا چاندی یا سونے یا تانبے پر تحریر یا کندہ کروالیں۔ اس نقش یا لوح کو آپ اپنے تصرف میں رکھیں۔ انشاء اللہ اس شمسی عمل کی قوتیں آپ کے لیے مسخر ہوجائیں گی۔

ذاتی عمل

وہ خواص عمل کو اپنی ذات کے لیے تیار کرنا چاہیے اپنا اور والدہ کا مکمل نام شامل کریں اور نقش بنانے کے لیے دائرہ شمسی سے اعداد حاصل کریں۔

عمومی عمل

ذاتی عمل کیونکہ فرد خاص کے لیے استعمال ہوسکتا ہے اور راھنمائے عملیات کے پڑھنے والے ہر فرد کے لیے اس کو تیار کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ سو اس حوالے سے سطور ذیل میں ایک عمومی عمل دیا جارہا ہے۔ تاکہ قارئین راھنمائے عملیات کی ایک بڑی تعداد بلاکسی مشکل کے اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ تاہم جو ذاتی عمل تیار کرنا چاہیں، وہ مندرجہ بالا طریق کے مطابق کرسکتے ہیں۔ وہ جو خود تیار نہیں کرسکتے ذاتی یا عمومی عمل کے لیے ادارہ سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ عمومی حل شدہ عمل یوں ہے۔

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ
ا	۱۰۶۲۳۸	۶۲۵۲۱۰	۶۲۴۸۱۰	۶۲۴۵۱۰	ا
ل	۶۲۴۹۱۰	۶۲۴۴۱۰	۶۲۳۹۱۰	۶۲۵۱۱۰	ل
ل	۶۲۴۳۱۰	۶۲۴۶۱۰	۶۲۵۴۱۰	۶۲۴۰۱۰	ل
ہ	۶۲۵۳۱۰	۶۲۴۱۱۰	۶۲۴۲۱۰	۶۲۴۷۱۰	ھ
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ
ا	۶۲۴۸۱۰	۶۲۴۵۱۰	۶۲۳۸۱۰	۶۲۵۲۱۰	ا
ل	۶۲۳۹۱۰	۶۲۵۱۱۰	۶۲۴۹۱۰	۶۲۴۴۱۰	ل
ل	۶۲۵۴۱۰	۶۲۴۰۱۰	۶۲۴۳۱۰	۶۲۴۶۱۰	ل
ھ	۶۲۴۲۱۰	۶۲۴۷۱۰	۶۲۵۳۱۰	۶۲۴۱۱۰	ہ
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ
ا	۶۲۵۲۱۰	۶۲۳۸۱۰	۶۲۴۵۱۰	۱۰۶۲۴۸	ا
ل	۶۲۴۴۱۰	۶۲۴۹۱۰	۶۲۵۱۱۰	۶۲۳۹۱۰	ل
ل	۶۲۴۶۱۰	۶۲۴۳۱۰	۶۲۴۰۱۰	۶۲۵۴۱۰	ل
ھ	۶۲۴۶۱۰	۶۲۵۳۱۰	۶۲۴۷۱۰	۶۲۴۲۱۰	ہ
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ
ا	۶۲۳۸۱۰	۶۲۵۲۱۰	۶۲۴۸۱۰	۶۲۴۵۱۰	ا
ل	۶۲۴۹۱۰	۶۲۴۴۱۰	۶۲۳۹۱۰	۶۲۵۱۱۰	ل
ل	۶۲۴۳۱۰	۶۲۴۶۱۰	۶۲۵۴۱۰	۶۲۴۰۱۰	ل
ھ	۶۲۵۳۱۰	۶۲۴۱۱۰	۶۲۴۲۱۰	۶۲۴۷۱۰	ہ
یا اللہ	الم صر کھی ع طس حق ن				یا اللہ

عمومی عمل سے فائدہ اٹھانے والے اپنے پاس رکھنے والے نقش ولوح کے لیے بادی چال کے نقش کا انتخاب کریں۔

خصوصی نوٹ:

جوخود یہ اعمال تیار نہ کرسکیں وہ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات سے تیار کروا سکتے ہیں۔ عین وقت سے قبل رابطہ کریں۔ تاکہ سکون سے کام کیا جاسکے۔ بعض اوقات عین موقع پر کام کی زیادتی کی وجہ سے مزید کام کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

☆☆☆

لوح خوش قسمتی

خاص کواکبی حالتوں یعنی کواکب کی آپس میں سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ زندگی کے عمومی مسائل کے خاتمے اور زندگی میں پیش آنے والی مختلف مشکلات، رکاوٹوں اور مسائل کے حل کے لیے موثر اور مجرب لوح ہے۔ زائچہ کی عمومی نحوست کو دور کرنے کے لیے لوحِ خوش قسمتی موثر ہے۔ ہر فرد کو لوحِ خوش قسمتی سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 اپریل

اپنی صحت کی طرف سے لاپرواہی اختیار نہ کریں ورنہ بیماری بھی لاحق ہوسکتی ہے۔ جائیداد یا مکان اگر کرایہ پر دیا ہوا ہے تو اس حوالے سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جلد بازی اور ضد سے معاملات کو حل نہ کریں۔ اولاد کے معاملات کو بہتر انداز میں حل کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ کا دھیان مذہب اور روحانیت کی طرف رہے گا اور آپ کو عبادت کرنے میں راحت محسوس ہوگی۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مصروف ہیں تو پھر آپ کو اپنے معاملات طے کرنے میں آسانی پیش آئے گی۔ اجنبی لوگوں سے ملنے میں احتیاط کریں، خاص طور پر بڑی عمر کے لوگوں سے۔ بہو کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو معاملات میں بہتری کے امکانات نظر نہیں آ رہے، تحمل سے کام لیں۔ ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔

9 تا 16 اپریل

کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے حاصل ہونے والے فائدہ میں اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوجائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل رواں عرصے میں حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاص فائدہ حاصل نہ ہوسکے گا۔ نئے کاروبار کے آغاز کے لیے موزوں وقت ہے۔ تعلیم کے یا نوکری کے حوالے سے بیرون ملک سفر کے لیے کوشاں ہیں تو اس حوالے سے خاطر خواہ نتائج آنے کی امید نہیں ہے۔

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَۃِ الْکَوَاکِب وَرُجُوْعِہٖ وَوَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ =۷

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کیے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

17 تا 24 اپریل

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ پوری طرح حل نہ ہوسکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز آپ کو محنت زیادہ کرنی ہوگی اور منافع اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ پر ہونے والے اخراجات میں کمی آئے گی۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوجائیں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کا اپنے یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا تو ہوگا لیکن بہت کم۔ زمین و جائیداد، زیورات کی خرید و فروخت کے لیے یہ وقت آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی، لیکن معاملات جلد حل بھی ہوجائیں گے۔

25 تا 30 اپریل

بہن، بھائیوں اور رشتے داروں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ اسی دوران آپ جلد بازی میں کوئی ایسا فیصلہ لیتے نظر آرہے ہیں جس پر بعد میں آپ کو افسوس ہوگا۔ سیرو تفریح کے لیے جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو مسائل میں مزید اُلجھنیں پیدا ہوتی نظر آتی ہیں۔ لمبے سفر سے گریز کریں، حادثہ کا خدشہ ہے۔ امیدوں کو عملی شکل دینے کے لیے کوشش کریں گے نیز ان کے پورے ہونے کے امکانات بھی قوی ہیں۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی بیماری میں طوالت کا سبب بنے گی۔ قرض دی ہوئی رقم یا اشیاء واپس ملنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔

سعد تاریخیں	3-4-12-16-26
نحس تاریخیں	8-14
لکی نمبر	4-3-0



عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 اپریل

اخراجات کی رفتار آمدن کی رفتار سے زیادہ ہوگی اور بہت سے اخراجات بلاسوچے سمجھے ہوں گے۔ آپ کے اخراجات بڑھنے میں آپ کا ہاتھ کم اور دوسروں کا زیادہ ہوگا۔ بے روزگار افراد کے لیے خوشخبری ہوگی۔ کسی کے توسط سے کوئی کامیابی مل سکتی ہے جو کہ آپ کے مالی معاملات کو بہتر بنائے۔ لوگوں کے سخت رویے کا سامنا کرنا پڑے گا اور تعلقات نبھانا اتنا آسان نہ رہے گا۔ آسان ذرائع سے آمدنی کا حصول ممکن ہے۔ ذہنی پریشانیوں میں کمی آئے گی اور ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کی صحت بھی ٹھیک رہے گی۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ پرہیز نہ کریں۔ مخالفوں اور دشمنوں سے محتاط رہیں آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آرہے ہیں۔

9 تا 16 اپریل

رواں عرصے میں آپ کے لیے قرضہ لینا فائدہ مند نہ رہے گا کیونکہ اگر قرضہ مل بھی جائے تو آپ اُسے صحیح مقصد کے لیے استعمال نہ کرسکیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ جس کی وجہ سے ان کی چند ایک مالی مشکلات بھی دور ہوجائیں گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے نیز اس خرابی میں آپ کا بھی برابر ہاتھ ہوگا۔ زمین و جائیداد اور زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کریں حادثہ کا اندیشہ ہے۔ علوم مخفی کی طرف آپ کی توجہ کم رہے گی۔

17 تا 24 اپریل

بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششوں کے خاطر خواہ نتائج نکلتے نظر نہیں آرہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کاروبار میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آرہی ہے اور تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ حکومتی اور قانونی نوعیت کے مسائل حل ہوتے نظر نہیں آرہے۔ رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل جول زیادہ رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ کے

اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم اور دوسرے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ ملازمین سے وابستہ کام حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔

25 تا 30 اپریل

مالی معاملات کو لے کر پریشان رہیں گے نیز شریک حیات آپ کے اخراجات میں اضافہ کا باعث ہوگا/گی۔ لیکن وہ افراد جن کا/کی شریک حیات خود بھی کمائی کرتا/کرتی ہے، ان کے مالی حالات زیادہ خراب نہ ہوں گے۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کی گئی کوششوں میں کوئی خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان میں کامیابی کی توقع کی جاسکتی ہے۔ شادی بیاہ میں شرکت کرتے ہیں یا چلتے پھرتے لوگوں کے ساتھ منہ ماری ہوگی۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ بات چیت کم رہے گی۔ قرضہ لینے کے لیے کی گئی کوششیں پوری نہ ہوسکیں گے۔

سعد تاریخیں	1-6-24-28-29
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	1-6-0

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 اپریل

آپ کے ذہن میں جو منفی خیالات کی بھرمار تھی اب آپ کی سوچ میں مثبت تبدیلیاں آنا شروع ہوں گی۔ جن کاموں کی طرف آپ کا عملی رجحان نہیں تھا اب آپ ان کاموں کو مکمل کرنے کے بارے میں سوچنا شروع کریں گے۔ گھریلو معاملات خوشگوار رہیں گے۔ آپ اپنا وقت گھر کے لوگوں کے ساتھ گزاریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت میں کچھ نشیب و فراز دیکھنے کو مل سکتے ہیں، اس لیے احتیاط برتیں۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ان کی فضول خوشامد کر کے اپنے اخراجات میں اضافہ نہ کریں۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کی خواہش رواں دنوں میں پوری ہو جائے گی۔

9 تا 16 اپریل

مالی معاملات میں آپ کو نشیب و فراز کا سامنا رہا گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آرہی ہے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا رجحان خط و کتابت کی طرف کم رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آرہی ہے۔

17 تا 24 اپریل

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ نیز آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ نہیں کریں گے۔ زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی خواہش ہے تو وہ عملی شکل اختیار کرتی نظر نہیں آرہی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو فائدہ ہوگا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا رویہ عشق و محبت والا رہے گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک اُمیدیں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔

25 تا 30 اپریل

وہ افراد جو نوکری کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم کو بھی جاری رکھنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں ان کو چاہیے کہ ہاتھ بڑھائیں، اللہ کے فضل و کرم سے آپ کو کامیابی ملے گی۔ انعامی سکیموں اور بانڈ نمبروں کے شائق افراد اگر کھیلتے ہیں تو انعام حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی دکھائی دیتی ہے۔ اب وہ وقت ہے کہ جب قانونی نوعیت کے معاملات کو حل کرنے کے لیے کی گئی کوششیں رنگ لاتی نظر آرہی ہیں۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے درپیش پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ موبائیل یا سواری خریدنے کے لیے موثر وقت نہیں، اگر خریدتے ہیں تو بعد میں آپ کو اپنے کیے پر پچھتاوا ہوگا۔

سعد تاریخیں	3-4-8-16-26
نحس تاریخیں	12-18-19
لکی نمبر	7-8-5

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2

خوش قسمت پتھر	سفید موتی' ہیرا' مرجان
خوش قسمت دن	پیر' منگل' جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید' بسنتی' پیلا

یکم تا 8اپریل

خاندان کے بڑے افراد سے فائدہ مل سکتا ہے۔ ذاتی پراپرٹی، جائیداد سے متعلقہ اُمور کو حل کیا جاسکتا ہے، چونکہ اب حالات آپ کے حق میں ہیں۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں خرابی واقع ہوئی تھی تو یہ وقت ایسا ہے کہ آپ معاملات کو نارمل کر سکتے ہیں۔ انداز گفتگو کی وجہ سے بہت سے لوگ آپ سے متاثر ہوں گے۔ اگر کسی جگہ پر سرمایہ کاری کرنے کا پلان بنا رہے ہیں تو یہ دن اتنے بہتر نہیں۔ آپ کو کچھ وقتی نقصانات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس لیے اچھی طرح سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں یا مزید مشورے کے لیے آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ شادی بیاہ اور موسیقی کی تقریبات میں شرکت کرنا آپ پسند نہ کریں گے۔ بینکوں سے وابستہ معاملات آسانی سے حل ہو جائیں گے۔

9تا16اپریل

وراثت وغیرہ جیسے مسئلہ کا شکار ہیں تو کوشش کریں معاملات کے حل ہونے کی امید ہے۔ الٹ پلٹ چیزیں کھانے سے صحت خراب رہے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا جو کہ آپ کے معاملات کے حل کے لیے نقصان دے ثابت ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں سفر ممکن ہے۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ اس کی وجہ آپ کے خاندان کے لوگ یا آپ سے نچلے درجے کے ملازمین ہوں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور اچھے تعلقات استوار ہوں گے۔

17تا24اپریل

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان پریشانیوں کی وجہ زیادہ تر آپ کا شریک کار ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آرہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ مخالفوں/ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی کوشش رنگ لاتی نظر نہیں آرہی۔ آپ کے تعلقات اپنے داماد کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ اگر کسی مزمن بیماری کا شکار تھے تو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔

25تا30اپریل

غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ یہ اخراجات رشتے داروں پر ہوں گے۔ وہ افراد جو قانونی معاملات کا شکار ہیں ان کے اخراجات کس کے حوالے سے ہوں گے۔ نیز ان مسائل کا فیصلہ بھی کوئی خوشگوار نہ ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات بہت زیادہ خراب ہیں تو اب وقت ہے کہ آپ معاملات میں سلجھاؤ لا سکتے ہیں۔ کاروباری افراد کے کام میں بھی بہتری آئے گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعلیم کی طرف وہ توجہ نظر نہیں آرہی جس کی ان کو ضرورت ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلنا مالی فائدہ کا باعث بنے گا۔ وراثتی اُمور کو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ نیز اس کے نتائج بھی آپ کی اُمید کے مطابق ہوں گے۔

سعد تاریخیں	1-6-24-28-29
نحس تاریخیں	8-14-21-22
لکی نمبر	6-0-1

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت' مرجان
خوش قسمت دن	اتوار' منگل' بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا' سبز' سرخ

یکم تا 8اپریل

گھریلو حالات میں کشیدگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس لیے روزمرہ اُمور کو انجام دیتے وقت



کتاب مسائل کا روحانی حل

انسانی زندگی خوشی اور غمی کا امتزاج ہے۔ مسائل کا روحانی حل نامی یہ کتاب فرد کو پیش آنے والے مختلف قسم کے مسائل کا روحانی اور عملیاتی حل لیے ہوئے ہے۔ اس میں روزمرہ سے لے کر خصوصی نوعیت اور جسمانی و ذہنی ہر طرح کے مسائل کا روحانی حل شامل ہے۔

خاص طور پر احتیاط کریں۔ آپ کی توجہ کا مرکز سیر وتفریح ہوگی اور زیادہ وقت دوستوں کے ساتھ گزرے گا۔ تجارتی معاہدہ اور دوسروں سے رقم کے حصول کے لیے یہ بہتر وقت نہیں ہے۔ یہ تاریخیں ذرائع آمدن میں اضافہ کریں گی۔ کسی لاٹری سے فائدہ مل سکتا ہے۔ دوران سفر کوئی مسئلہ درپیش آسکتا ہے۔ اس لیے ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط برتیں۔ وہ افراد جو ملازمت کے متلاشی ہیں، ان کو ملازمت کے مواقع ملنا شروع ہوجائیں گے۔ کسی کی مدد سے آپ کو کسی اچھی جگہ ملازمت مل سکتی ہے۔ حکومتی افسران سے تعلقات کی نوعیت بہتر رہے گی اور کام بھی آسانی سے حل ہوجائیں گے۔

9تا16اپریل

آپ اپنے دماغ کا استعمال کر کے مختلف ذرائع سے آمدن حاصل کرتے نظر آرہے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں اندرون ملک سفر بھی ممکن ہے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں ناراضگی رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آرہی۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی دور ہوجائے گی۔ زیورات وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ داماد سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔

17تا24اپریل

آپ کی صحت میں خرابی آئے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو بھی کام میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں ان بن ہوتی رہے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں اور مخالفوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہوجائیں گے۔ آپ کا اپنے یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا، نیز ان کے ساتھ سیر وتفریح پر بھی جائیں گے۔ سواری/ مکان کی خرید وفروخت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔

25تا30اپریل

میوزک اور شاعری سننے میں دلچسپی لیں گے۔ محفلوں میں جانا بھی ہوگا۔ عمرہ کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرتے نظر آرہے ہیں۔ علوم مخفی کے حوالے سے آپکے علم میں اضافہ ہوگا۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے بات چیت نہ ہوگی۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کردیں، انشاء اللہ آپ کو کامیابی ملے گی۔ گھومنے پھرنے سے زیادہ گھر میں رہنا پسند کریں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ اُمید پوری نہ ہوسکے۔ بولنے سے پہلے سوچیں، کیونکہ ان دنوں میں آپ کچھ ایسا بول دیں گے جو آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنے گا۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ آپ کے دشمن سکون میں رہیں گے۔ ان کی طرف سے کوئی پریشانی آتی نظر نہیں آتی۔

سعد تاریخیں	3-4-12-21-22-26
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	3-4-7

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا

خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا8اپریل

آپ کو مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لیے ایک سے دوسری جگہ جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ ادویات کے استعمال میں بالکل بھی بے احتیاطی نہ برتیں، ورنہ مرض زور پکڑ سکتا ہے اور بہتر یہی ہے کہ طبی علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کروائیں۔ (روحانی علاج کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں)۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں خاطر خواہ کمی آئے گی۔ ساتھ ہی ساتھ گھریلو حالات میں بہتری آئے گی۔ وراثتی معاملات شدت اختیار کریں گے۔ لیکن آپ کوشش یہ کریں کہ معاملات کو ٹھنڈا کریں نہ کہ حل، کیونکہ اگر فیصلہ ہوا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔

9تا16اپریل

انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو مالی فائدہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ممکن ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہوجائیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ حکومتی عہدے کا حصول چاہتے ہیں تو وہ رواں عرصے میں ممکن ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ مکان یا سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ رواں عرصے میں آپ پُرجوش رہیں گے اور ہر کام میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں گے۔ آپ اپنا مال خیرات اور زکوۃ کے لیے استعمال کریں گے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔

17تا24اپریل

ملازمت پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے اپنی

اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں بہتری آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی صحت میں خرابی آئے گی۔ آپ کی اپنی اولاد کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

25 تا 30 اپریل

ذہنی پریشان کا شکار رہیں گے نیز دوسرے لوگوں کو بھی اس میں مبتلا کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ بحث و تکرار ہو گی۔ وہ افراد جنہوں نے نوکری کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے ان کو بیرون ملک یا بیرون شہر (کسی دوسرے شہر سے) ملازمت کے سلسلے میں دعوت ملے گی۔ دشمنوں سے کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ چیزوں میں تبدیلی پسند کریں گے۔ تخلیقی سوچ کے حامل ہوں گے۔ نکاح، منگنی کرتے ہیں تو یہ رشتہ زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکے گا۔ اس لیے رواں دنوں میں ان کاموں سے گریز کریں۔ عشق و محبت کی طرف رجحان رہے گا۔ اُمیدوں اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے نیز چند ایک پوری ہونے کی توقع بھی ہے۔

سعد تاریخیں	1-6-24-28-29
نحس تاریخیں	12-18-19
لکی نمبر	6-5-1

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ز، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اپریل

یہ دن آپ کے لیے ملے جلے اثرات مرتب کریں گے، لہٰذا آپ کے لیے مشورہ یہی ہے کہ کسی نئے کام یا کاروبار کی شروعات کے حوالے سے ابھی فیصلہ نہ کریں، کیونکہ فیصلہ زیادہ مناسب نہ ہوگا۔ مالی حالات بھی کشیدہ رہیں گے۔ زیادہ گفتگو سے گریز کریں، کیونکہ آپ کی طرف سے بدکلامی دیکھنے کو ملے گی۔ جس کی وجہ سے معاملات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جانا ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں یا یار دوستوں سے رابطہ کریں، آپ کو مدد ضرور ملے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ آپ مذہبی کاموں کی طرف زیادہ توجہ دیں گی اور آپ کو عبادت سے جسمانی اور ذہنی سکون میسر آئے گا۔

9 تا 16 اپریل

انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ لڑائی جھگڑے جیسے معاملات سے دور ہیں، دوران لڑائی آپ کو جسمانی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ حکومتی عہدے کا حصول چاہتے ہیں تو وہ رواں عرصے میں ممکن نہیں ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ مکان یا سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ گھریلو معاملات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ اپنا مال خیرات اور زکوٰۃ کے لیے استعمال کریں گے۔ ہمسائیوں اور قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ یہ عرصہ آپ کے اندرون ملک سفر کو ظاہر کر رہا ہے۔ یہ کام کے سلسلے میں بھی ممکن ہے اور سیر و تفریح کے لیے بھی۔

17 تا 24 اپریل

اولاد کے معاملات توجہ طلب ہوں گے۔ انٹر لیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پچھلے دنوں میں آپ کی کوئی چیز گم ہوئی ہے تو وہ ملتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو اس عرصے میں آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہوگا۔

25 تا 30 اپریل

غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کا رجحان خط و کتابت کی طرف کم رہے گا۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ اپنا وقت گزارنا پسند کریں گے۔ اولاد جوان ہے تو ان کے ساتھ بیٹھ کر دنیاوی اور دینی حوالوں سے بات چیت ہوگی۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ کا رجحان عشق و محبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ کاروباری افراد کے پاس بھی موقع ہے کہ وہ محنت کر کے اچھا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ تجارت کے سلسلے میں سفر کرتے ہیں تو کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کرنے سے وہ حل ہونے کی اُمید کی جا سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	3-4-12-16-26
نحس تاریخیں	14-21-22
لکی نمبر	4-7-9



عقرب

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اپریل

ذاتی طور پر اپنے آپ کو کمزور محسوس کریں گے اور جانے انجام گھر اور خاندانی مسائل میں اضافہ ہوگا۔ ان مسائل کا زیادہ تر تعلق گھر اور خاندانی اُمور سے ہوگا۔ غیر شادی شدہ لوگوں کی شادی کرنے کی خواہش اس عرصہ میں زور پکڑ جائے گی اور اس بات کا امکان ہے کہ رشتہ کی بات چل نکلے۔ آپ کو مالی معاملات کے حوالے سے اچھی خبر ملے گی، ہوسکتا ہے کہ کسی جگہ سے آپ کو رقم واپس مل جائے جس کے امکانات پہلے بہت کم تھے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہوں گی۔ بہن بھائی آپ کے لیے مالی فائدے کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ ماضی کا کوئی دوست آپ کو خوشخبری دے گا۔ لڑائی مول نہ لیں آپ کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام اور افسران کی طرف سے سختی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

9 تا 16 اپریل

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اگر ان کو نتائج کا انتظار ہے تو وہ بھی رواں عرصے میں بہتر آئیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں، حل ہو جائے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ انعامی سکیمیں اور میچ پر جوا وغیرہ لگاتے ہیں تو آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اپنی دماغی صلاحیتوں کا استعمال کر کے آپ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی، لیکن آپ اپنے فرائض پوری طرح ادا کریں گے۔

17 تا 24 اپریل

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن نہیں ہے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروباری حضرات کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والے فائدے میں بھی کمی آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی حاصل ہوگی۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوگا۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر پریشانی ہے تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ صحت میں بہتری آئے گی۔

25 تا 30 اپریل

لوگوں سے اپنی بات منوانا آپ کے لیے آسان رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ملنے کی کوئی توقع نظر نہیں آتی۔ تجارت کے سلسلے میں یا کسی اور کام کے سلسلے میں سفر کرتے ہیں تو کامیابی ملنے کی کافی اُمید ہے۔ خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کوشش کریں گے لیکن کوئی خوشخبری ملتی نظر نہیں آتی۔ صحت خراب ہے تو فوراً علاج کروائیں ورنہ بیماری طوالت اختیار کر سکتی ہے۔ طالب علم اپنا زیادہ وقت کتابوں کے ساتھ گزاریں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں جانے سے گریز کریں آپ کے لیے پریشان کن ثابت ہوگا۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں گرما گرمی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	1-6-28-29
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	2-5-9

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اپریل

اگر آپ ملازمت کے متلاشی ہیں تو ان دنوں میں آپ کو کوشش کرنی چاہیے۔ ملازمت ملنے کے امکانات روشن ہیں۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو عملی اقدامات کریں۔ آپ کو اچھے نتائج ملیں گے لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونا شروع ہوں گی۔ مذہبی محفلوں میں جائیں گے۔ اپنے اردگرد اور خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کے بینک بیلنس میں اضافہ ہوگا۔ کسی کو اُدھار دی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے۔ قانون، کچہری اور گورنمنٹ سے متعلقہ اُمور میں خاص دیکھ بھال کر چلنا پڑے گا۔ اس لیے کوئی ایسا کام نہ کریں جس کا نتیجہ دیر بعد نکلے۔

9 تا 16 اپریل

رواں عرصے میں آپ کے لیے اپنی دماغی صلاحیتیں استعمال کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔

اندرون ملک یا شہر سفر کرتے ہیں تو وہ آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی عزت و وقار برقرار رہے گا۔ سرکاری ملازمت سے وابستہ افراد کی ترقی کی فائل اگر رکی ہوئی ہے تو رواں عرصے میں اس پر دوبارہ نظر ثانی کی جائے گی اور امکانات ہیں کہ ترقی بھی ہو جائے گی۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو اب صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ نئی سواری یا زمین خریدنا چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے اس کام کے حوالے سے بہتر نہیں ہے۔ آپ کی توجہ مشروبات کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔

17 تا 24 اپریل

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ نہیں کریں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی ہوتے ہوئے کام بھی نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینے کا ارادہ کر رکھا ہے تو اس ارادے کو عملی شکل دینے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں پلان بنایا ہے تو کوشش کریں ان دنوں میں چلے جائیں گے۔ یہ سفر شریک حیات کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور اکیلے بھی۔ آپ کو والدہ کی صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

25 تا 30 اپریل

رواں دنوں میں آپ کوئی ایسا کام کریں گے جو لوگوں کی نظر میں آپ کے رتبے میں کمی کا باعث ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد کو بھی خوشخبری سننے کو ملے گی۔ علوم مخفی میں آپ کی دلچسپی حد درجہ تک رہے گی۔ عبادات کا خاص خیال رکھیں گے۔ عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ممکن ہے۔ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ گھریلو معاملات بھی مسائل کا شکار رہیں گے۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے محتاط رویہ اختیار کرنا ہوگا۔ رشتے داروں اور ہمسایوں کی طرف آنا جانا ہوگا۔ داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ خط و کتابت، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی طرف رجحان بڑھے گا۔

سعد تاریخیں	3-4-8-16-21-22
نحس تاریخیں	9-18-19
لکی نمبر	4-6-9

جدی

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اپریل

ان تاریخوں میں کسی بھی نئی جگہ پر انوسٹمنٹ اور مالی معاملات کو طے کرنے سے پہلے اچھی طرح جانچ پڑتال کر لیں، آپ کے خلاف سازش کی جا رہی ہے، اس لیے روپے پیسے کے معاملے میں رسک نہ لیں۔ سیر و تفریح کے مقامات پر جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی۔ آپ کو دوستوں سے فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ یہ عرصہ آپ کی گھریلو زندگی میں اُتار چڑھاؤ لے کر آئے گا اور گھریلو تنازعات کھل کر سامنے آئیں گے۔ ازدواجی معاملات خاص طور پر زیر بحث آ سکتے ہیں۔ کاروبار کے حوالے سے یا کسی بھی قسم کے کام کے حوالے سے تحریری معاہدہ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو رواں عرصہ آپ کے لیے اس کام کے حوالے سے بہتر نہیں ہے اس لیے کوشش کریں۔ کوئی بھی تحریری معاہدہ نہ کریں، جس کی وجہ سے آپ کو بعد میں پریشان ہونا پڑے۔

9 تا 16 اپریل

زمین، جائیداد، گاڑی وغیرہ خریدنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ وہ حضرات جو عمرہ کے لیے جانا چاہتے ہیں ان کی بھی خواہش پوری ہو جائے گی۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے، جو کہ بعد میں آپ کے لیے پریشانی کا سبب بنے گا۔ شراکتی اکاؤنٹ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنے مخالفوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ عموی خوشحالی ملتی نظر آ رہی ہے۔

17 تا 24 اپریل

آپ کو مالی حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں بہتری آئے گی۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کریں کسی حادثہ کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو درپیش مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہو گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی کام حل نہ ہو سکیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی اُمور کی طرف رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ

ہے تو وہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔

25 تا 30 اپریل

چھوٹے بہن بھائی اور رشتے دار آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ قانونی معاملات کا شکار ہیں تو کوشش یہی کریں کہ ان کا فیصلہ نہ ہو کیونکہ نتائج آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ دوران سفر آپ کا سامان چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ صحت میں خرابی آئے گی۔ چوٹ لگنے کا اندیشہ بھی ہے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف توجہ دیں گے۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی نیز لوگ آپ کی گفتگو سے متاثر ہوں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	6-24
نحس تاریخیں	8-14-21-22-8
لکی نمبر	1-5-6

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 اپریل

یہ تاریخیں آپ کو ذہنی طور پر منتشر کریں گی۔ جذباتی فیصلے کرنے سے پرہیز کریں۔ گھریلو امور کے حوالے سے جو معاملات طے نہیں ہو پا رہے تھے اب اُن کے حل ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ اور ان کے نتائج بھی بہتر آئیں گے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونا شروع ہوں گی۔ ایک سے دوسری جگہ سفر کرنا مناسب نہ رہے گا۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ملازمین کی وجہ سے نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس لیے ان پر ضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ تعلیم اور امتحانات کے حوالے سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور آپس میں محبت بڑھے گی اور سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔

9 تا 16 اپریل

رواں دنوں میں آپ کی توجہ ڈرامے، فلمیں دیکھنے اور تفریح کے لیے جانے جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کو صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ انعامی سکیمیں، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ رواں عرصے میں آپ پُرجوش اور چست رہیں گے۔ بینکوں سے وابستہ معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے پڑنے والے کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ گم شدہ چیز واپس ملنے کے امکانات ہیں۔

17 تا 24 اپریل

آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو اب تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف کم رہے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ دشمنوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

25 تا 30 اپریل

مالی معاملات کو لے کر آپ کو تنگی کا سامنا رہے گا۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے آپ تھوڑی بہت کوشش کریں گے لیکن کامیابی نہ ملے گی۔ گھر میں رہنا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جا نہ پائیں گے۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ انٹر لیول کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے نتائج اچھے نہ آئیں گے۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کی توقع ہے جسے پا کر آپ خوشی محسوس کریں گے۔ اجنبی لوگوں سے ملیں گے اور جان پہچان بنانے کی کوشش کریں گے۔ شراکتی کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنے یا کاروبار کے آغاز کے حوالے سے موزوں وقت ہے۔

سعد تاریخیں	8-16-21-22-26
نحس تاریخیں	9-14
لکی نمبر	2-3-5

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون

منسوبی حروف	چ،د
خوش قسمت اعداد	9،6،3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 اپریل

ننھیالی رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا ہوگا، ان کی طرف سے فائدہ ملنے کے امکانات بھی ہیں۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ ہاں اگر اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ضرور کریں، آپ کو اپنے مقاصد میں بھی خاطر خواہ کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ ملازمین اور اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں سے وابستہ کام آسانی سے حل ہو جائیں گے، لیکن اس کے لیے آپ کو اپنا انداز گفتگو بھی لوگوں کے ساتھ بہتر رکھنا ہوگا۔ مالی معاملات کے حوالے سے آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ کسی کو قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ کسی بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ گھر، زمین اور گاڑی کی فروخت کے حوالے سے یہ بہتر وقت ہے، آپ کو اچھی آفر ملے گی۔

9 تا 16 اپریل

ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ سیر و تفریح کے لیے جانے کے امکانات ان دنوں میں نہیں ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا بھی ہوگا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اونچ نیچ کا سامنا رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ مزدوری کرنے والے افراد کو مالی حوالے سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ خط و کتابت کی طرف آپ کی توجہ زیادہ رہے گی۔

17 تا 24 اپریل

لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے، اور ساتھ ہی یہ معاملہ قانونی نوعیت کی شکل بھی اختیار کرسکتا ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ نیز ان کے ساتھ ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں کافی محنت کرنا پڑے گی۔ اگر کسی شخص نے آپ سے قرضہ لیا ہوا ہے تو قرضہ کی رقم واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں چند ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی نوعیت کے مسئلے کا شکار ہیں تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔

25 تا 30 اپریل

کاروباری افراد کے کام میں رکاوٹیں آتی نظر آ رہی ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ اچھی آفر بھی اس لیے رد کر دیں کہ آپ ذہنی طور پر پرسکون نہیں ہیں۔ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ نیز بہت سے لوگ آپ کی گفتگو سے متاثر بھی ہوں گے۔ صحت کی طرف خاص توجہ دیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ علاوہ ازیں شادی بیاہ کی تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ حکومتی افسران سے کسی مسئلہ کے حل کے لیے رجوع کرتے ہیں تو وہ مسئلہ حل نہ ہو سکے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش کا پلان بنائیں گے۔ لیکن عملی شکل نہ دے پائیں گے۔ علوم مخفی کی طرف رجحان بڑھے گا۔ (علوم مخفی کے حوالے سے آپ ہماری کتابوں اور کورسز سے مدد حاصل کرسکتے ہیں)۔

سعد تاریخیں	1-24-28-29
نحس تاریخیں	12-18-19
لکی نمبر	2-6-8

تاریخ القران

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کے لیے آخری راہِ ہدایت قرآن پاک کی صورت میں وحی کی۔ تاریخ القرآن اس لحاظ سے بہت اہم ہے کہ اس میں قرآن کے مکمل نزول کی داستان اس کتاب، اصلاح اور اس کی حفاظت جیسے موضوعات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ قرآن کی تعلیم اور قرآن کے حوالے سے کم و بیش ۱۳۴ چھوٹے بڑے موضوعات کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ یہ کتاب جہاں مصنف عبدالطیف رحمانی کی شب و روز کی تحقیق جستجو کا ماحصل ہے وہاں اس بات کا جامع ترین بیان بھی ہے کہ آج قرآن جس شکل میں ہمارے پاس ہے اس کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب نے غیر معمولی محنت اور تحقیق کو مدنظر رکھا۔

شرف شمس

تحریر از۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

اس دفعہ پیارے قارئین کے لیے شرف شمس کا ایک مجرب عمل لکھ رہا ہوں قدرت نے سیارہ شمس کو بہت ہی خوبیوں کے ساتھ تخلیق کیا ہے ہماری کائنات میں سب سے بڑا اور معتبر سیارہ شمس ہی ہے۔ تمام سیارگان میں شمس کو شہنشاہ کی حیثیت حاصل ہے، جب تک دُنیا قائم ودائم ہے تب تک شمس بھی قائم ہی رہے گا، سیارہ شمس کی ہی روشنی سے دیگر سیارے منور ہوتے ہیں۔

سیارہ شمس کو شرف ہر سال برج حمل کے ۱۹ درجہ پر آتا ہے سیارہ شمس برج اسد سے منسوب ہے برج اسد اور سیارہ شمس دونوں آتشی طبیعت رکھتے ہیں۔

امراء حکامِ اعلیٰ، وزراء، افسران، بڑے آدمی، سرکاری دفاتر، سونے کے زیورات جواہرات، سربلندی، شہرت، مرتبہ، عزت، فتوحات، عروج، ترقی، ہیبت، رعب، طاقت، اعضائے انسانی میں دل، رنگ سنہری یا لال، یہ سب سیارہ شمس سے ہی منسوب ہیں۔

شرف شمس کا مبارک وقت ہر نیک کام کے لیے افضل ہے قدیم زمانے میں بادشاہ، امراء بھی عاملین سے الواح و نقوش بنوایا کرتے تھے اور آج بھی عقلمند لوگ ایسے مبارک اوقات سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔

شرفِ شمس کے مبارک وقت میں عزت، شہرت، محبت، حاضری مطلوب، بیماری سے شفاء پانے، ملازمت ملنے، افسران کے آگے عزت پانے، دُشمن پر غالب آنے کے لیے، تسخیر خلائق حاصل ہونے کے علاوہ بہت سارے کام شرف شمس میں خصوصی طور پر بھی کروا سکتے ہیں۔

اوقاتِ شرف شمس

شروع: ۷ اپریل ۱۰ بج کر ۴۹ منٹ دوپہر

ختم: ۸ اپریل ۰۲ بج کر ۱۴ منٹ دوپہر

شرفِ شمس کے مبارک وقت کی تاثیر میں قطعی شک کی گنجائش نہیں رہتی، شمس کی شعاعیں کسی بھی چیز کی رنگت کو بدل کر رکھ دیتی ہیں اگر یقین نہ آئے تو شمس کی روشنی میں کچھ وقت کے لیے ایک چادر بچھائیں اور وہ شخص اپنا جسم و چہرہ شمس کے سامنے کر کے کچھ وقت بیٹھ جائے پھر اندازہ ہو جائے گا کہ کچھ وقت کے بعد چادر کی رنگت بدل چکی ہوگی اور جسم و چہرے کی رنگت بھی بدل چکی ہوگی۔ چہرہ سفید کی بجائے لال ہو چکا ہوگا۔

فوائدِ لوحِ شمس:

اس لوح مبارک کو پاس رکھنے سے عزت شہرت بڑھے گی، امراء و حکام اعلیٰ افسران کے سامنے سرخروئی حاصل ہوگی، دشمن مغلوب رہیں گے ہر قسم کی بیماری سے نجات ملے گی، امتحان میں کامیابی ہوگی۔ حسبِ منشاء ملازمت مل جائے گی، کاروبار میں ترقی ہوگی، فتح یابی دشمنوں پر غلبہ شان وشوکت گھریلو تفکرات ختم ہوں گے، ٹرانسپورٹی حادثات سے حفاظت ہوگی، سحر و جادو، آسیب اور نظر بد سے حفاظت ہوگی، ہر انسان پیار محبت عزت سے پیش آئے گا، گولی بم بندوق و تیغ دار چیز سے حفاظت ہوگی، میاں بیوی میں محبت بڑھے گی، مقدمات یا ہر قسم کے مقابلے میں فتح و کامیابی قدم چومے گی، سستی و کاہلی ختم ہو جائے گی، مال و دولت میں ترقی ہوتی رہے گی اور بھی ہزاروں فوائد اس لوح مبارک سے ملیں گے۔

طریقہ تیاری لوح:

لوح شمس مبارک کو ساعت شمس میں تیار کریں امراء لوگ لوح کو سونے پر تیار کرواتے ہیں کیوں کہ شمس سونا سے متعلق ہے۔ عام لوگ چاندی پر سونے کی پالش چڑھا کر بھی تیار کر سکتے ہیں اور غریب طبقہ سنہری رنگ کے کاغذ پر تیار کر سکتے ہیں یا پھر سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران و عنبر کی رنگ دار روشنائی سے لکھ سکتے ہیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھنا ہوگا۔ بخورات شمس ضرور جلائیں، سچا موتی منہ میں رکھ کر لوح کو تیار کریں لوح کو اپنے گلے میں یا بازو پر باندھیں یا جیب میں رکھ لیں تو فوراً فوائد شروع ہو جائیں گے۔

آیت: سلام قولاً من رب رحیم کا نقش بھرا گیا ہے اعداد لوح ۷۸۶ ہیں۔

روقیائیل

شمکائیل ۷۸۶ شقفیائیل

الحمد للہ رب العلمین

۱۱۸	۱۲۵	سلام	۱۳۲	۱۳۸	۱۵۳
۱۳۰	۱۳۵	۱۵۳	۱۲۰	فاتح	۱۴۳
علیم	۱۳۶	۱۳۹	۱۳۲	۱۲۸	۱۲۳
مومن	۱۳۹	لطیف	۱۳۷	۱۱۹	۱۳۸
۱۴۰	۱۲۲	مہیمن	۱۲۶	۱۵۲	۱۲۳
۱۴۴	منان	۱۲۱	۱۵۱	صمد	۱۴۷

قطشائیل یاحیّ یاقیوم لوبیائیل

★★★

از قلم: خالد اسحٰق راٹھور

الاسماء الحسنیٰ

روحانی اثرات

الملک جل جلالہ و جل شانہ

مالک کے لغوی معنی بادشاہ کے ہیں۔ جب اللہ کے لیے استعمال ہو تو اس سے مراد تمام جہانوں کا بادشاہ اور مالک ہے۔ وہ ذات جو کل کی ملک ہو اور اس میں مکمل تصرف کرتا ہو ایسی ذات صرف اور صرف اللہ کی ہے۔ گو یہ حقیقت ہے کہ بہت سی اشیاء انسان کی ملک میں شامل ہیں تاہم خیال رہے کہ انسان کی ملک مجازی اور اللہ کی حقیقی ہے۔

اس اسم الٰہی کا ذکر اور اعمال روحانی کے حوالے سے استعمال دراصل اسم ذات کے معنوں کا پرتو ہوتا ہے۔ اس اسم کے ذکر میں یہ حقیقت مدنظر رکھنی چاہیے کہ ماسوائے اللہ کے ہر ایک سے بے نیازی اس سے امید اور اس ہی سے خوف در حقیقت حاجت روی کا باعث ہوگا۔

معنی: بادشاہ، حاکم

طبع: جمالی

عنصر: خاکی

اعداد قمری: 90

اعداد شمسی: 1138

یہ اسم الٰہی بنیادی طور پر ملک سے متعلق ہے اور درج ذیل خواص کا مظہر ہے۔

1۔ روحانی امراض کے علاج کے واسطے
2۔ تابعدار بنانے، صاحب اقتدار کو مسخر کرنے
3۔ دل کو منور کرنے کے واسطے
4۔ تسخیر و محبت و الفت و مطیع کرنے
5۔ اسرار الٰہی کا دروازہ
6۔ الیکشن میں کامیابی
7۔ جاہ و مرتبہ میں بلندی
8۔ غلبہ و عزت و حرمت کا حصول
9۔ صاحب اقتدار کو برائے عزت و مرتبہ حکومت
10۔ قیام اقتدار، حکومت و عہدہ، ادارہ، فرم، منصب و مرتبہ
11۔ غنی و دولت مند ہونے
12۔ حصول روزگار و خاتمہ غربت تنگدستی وغیرہ
13۔ دشمن کا خوف ختم کرنے کے لیے
14۔ ذاتی ملکیت، مثل جائیداد و مکان وغیرہ
15۔ کرایے دار سے مکان و دوکان خالی کروانا
حصول جائیداد و مکان و دوکان وغیرہ

کسی بھی خواہش کی تکمیل کے لئے اسم الٰہی 'یامالک' کا ذکر سوالاکھ کی تعداد میں کرے۔ نئے چاند سے چلہ شروع کریں اور مسلسل تین چلے مکمل کریں۔ حصول جائیداد کے سلسلے میں فرد کی جو بھی خواہش ہو گی اللہ اس کی تکمیل کے اسباب غائب سے پیدا کرے گا۔

عملیاتی حوالے سے اسم الٰہی یاملک کے اعداد کے مطابق چاروں چالوں سے نقوش تیار کریں اور بلحاظ چال یعنی آتشی کے نقوش جلادیں، بادی کو کسی درخت کے ساتھ لٹکائیں گے۔ ذیل میں اسم الٰہی یاملک کے نقوش بلحاظ قمری اور شمسی دونوں سے دیئے گئے ہیں۔

دائرہ شمسی　　آتشی نقش　　اعداد ۱۱۳۸

	بسم اللہ الرحمن الرحیم	
یاللہ	یاللہ یاملک یاللہ یاملک	یاللہ

۲۸۴	۲۸۷	۲۹۰	۲۷۷
۲۸۹	۲۷۸	۲۸۳	۲۸۸
۲۷۹	۲۹۲	۲۸۵	۲۸۲
۲۸۶	۲۸۱	۲۸۰	۲۹۱

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ شمسی　　بادی نقش　　اعداد ۱۱۳۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۸۷	۲۸۴	۲۷۷	۲۹۰
۲۷۸	۲۸۹	۲۸۸	۲۸۳
۲۹۲	۲۷۹	۲۸۲	۲۸۵
۲۸۱	۲۸۶	۲۹۱	۲۸۰

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ شمسی　　آبی نقش　　اعداد ۱۱۳۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۹۰	۲۷۷	۲۸۴	۲۸۷
۲۸۳	۲۸۸	۲۸۹	۲۷۸
۲۸۵	۲۸۲	۲۷۹	۲۹۲
۲۸۰	۲۹۱	۲۸۶	۲۸۱

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ شمسی　　خاکی نقش　　اعداد ۱۱۳۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۷۷	۲۹۰	۲۸۷	۲۸۴
۲۸۸	۲۸۳	۲۷۸	۲۸۹
۲۸۲	۲۸۵	۲۹۲	۲۷۹
۲۹۱	۲۸۰	۲۸۱	۲۸۶

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ قمری　　آتشی نقش　　اعداد ۹۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ قمری　　بادی نقش　　اعداد ۹۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۵	۲۲	۱۵	۲۸
۱۶	۲۷	۲۶	۲۱
۳۰	۱۷	۲۰	۲۳
۱۹	۲۴	۲۹	۱۸

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ قمری　　آبی نقش　　اعداد ۹۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۲۸	۱۵	۲۲	۲۵
۲۱	۲۶	۲۷	۱۶
۲۳	۲۰	۱۷	۳۰
۱۸	۲۹	۲۴	۱۹

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

دائرہ قمری　　خاکی نقش　　اعداد ۹۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

۱۵	۲۸	۲۵	۲۲
۲۶	۲۱	۱۶	۲۷
۲۰	۲۳	۳۰	۱۷
۲۹	۱۸	۱۹	۲۴

یا اللہ　　یا اللہ یا ملک یا اللہ یا ملک　　یا اللہ

مکان یا دکان خالی کروانا

جائیداد کا کرایہ پر چڑھانا مالی و معاشی لحاظ سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ تاہم بعض کرایہ دار ایسے مل جاتے ہیں جو یا تو کرایہ ادا نہیں کرتے یا جائیداد کو برباد کرنے کا باعث

نکل جاتے ہیں یا مالک جائیداد کی ضرورت کے باوجود جائیداد کا قبضہ چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ لیکن کسی بھی ملتی جلتی صورت حال میں یہ عمل کریں۔

مالک الملک، اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد شمسی استخراج کریں۔ جو بھی اعداد حاصل ہوں ان کو پھر اسی عدد سے ضرب دیں۔ جو حاصل ضرب آئے اس تعداد کے مطابق روزانہ مندرجہ بالا اسمائے الٰہی کا ذکر کریں۔ یہ ذکر کی مدت اکیس دن کی ہے۔ اس تعداد کو لے کر بادی چال سے نقش کاغذ پر تحریر کریں۔ متعلقہ مکان یا دکان کے جتنے کونے ہوں اتنے ہی نقش تحریر کریں اور ہر کونے میں ایک نقش لٹکا دیں۔

عہدہ اور عدم استحکام

جب کسی حکومتی عہدے دار یا کسی سیاسی عہدے دار، اعلیٰ افسر اور منسٹر وغیرہ کو عدم استحکام کا سامنا ہو۔ یعنی عہدے یا مرتبے سے ہٹائے جانے کا امکان ہو۔ مخالفین زک پہنچانے کے لیے موقع کی تلاش میں ہوں تو ایک نقش بادی چال کے ساتھ چاندی پر کندہ کر کے سائل کو ہر وقت اپنے پاس رکھنے کے لیے دیں۔ یہ نقش ایسے لوگ بھی استعمال کر سکتے ہیں جو کسی ادارے کے سربراہ ہوں۔ میونسپل ادارے کے افسران یا سیاسی عہدے دار ذاتی کمپنی یا فرم کے مالک یا کسی بڑی فرم کے اعلیٰ عہدے دار سب کو یہ لوح فائدہ دے گی۔ بادی چال سے نقش اوپر کی سطور میں دیا جا چکا ہے اس کو استعمال کریں۔

دولت، روزگار، غربت

کوئی فرد جب غربت کے ہاتھوں تنگ ہو، وسعت رزق، دولت، آمدن، روزگار یا کاروبار کا حصول مطلوب ہو تو اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ فجر اور عشاء کے بعد اسم الٰہی یا مالک کا ورد کرے۔ ساتھ ہی ایک لوح بادی چال سے مکمل کر کے اپنے پاس رکھے۔ نقش پچھلی سطور میں دیا گیا ہے۔ وہاں سے دیکھ لیں۔

محبت، الفت، مطیع

ان مقاصد کے حصول کے واسطے اسم الٰہی یا مالک کے ساتھ ایک اور اسم الٰہی یا عزیز کے حروف اور طالب و مطلوب کے ناموں کے حروف سے تکسیر استخراج کرے۔ جب بھی ضرورت ہو اس لوح کو ہمراہ رکھ لے تاہم خیال رہے یہ لوح خالص چاندی یا سونے کی تیار ہوگی۔ لوح بادی چال سے تیار ہو۔ لوح کے سامنے کی طرف نقش کندہ کرے اور پشت پر تکسیر کندہ کر لیں۔

جاہ و مرتبہ

اس قسم کے امور کے لیے مندرجہ بالا دونوں اسماء کے اعداد اور فرد کے نام اور والدہ کے اعداد جمع کر کے لوح بنا کر دیں۔ ساتھ ہی روزانہ تہجد کے وقت ان حروف کا اپنے نام کے اعداد کے مطابق ذکر کریں۔ نقش بادی چال سے بنالیں۔ جو خود استخراج کر سکیں وہ اس چال کے مطابق لوح تیار کروالیں۔ کسی بھی نقش یا لوح تیار کروانے کے لیے آپ ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔

نیند کی خرابی

کوئی بچہ ہو یا بڑا گر سوتے میں ڈر جاتا ہو یا برے خواب آتے ہوں تو اسم عزیز یا بحث کے ساتھ یا قدوس کا اضافہ کر کے تکسیر حرفی بنا کر اس کو گلے میں ڈال دیں اور اس لوح کو کاغذ یا چینی یا شیشہ کی پلیٹ پر لکھ کر پینے کے لیے دیں۔ ان شاءاللہ جلد ہی سات دن میں پینے سے فائدہ ہوگا۔ بسط حرفی درج ذیل ہے۔

یا اللہ یا ملک یا قدوس

ا ل ل ہ م ل ک ق د و س

س ا و ل د ل ق ہ ک م ل

ل س م ا ک ہ ہ ل ق د ل

ل ل د س ق م ل ا ہ ک ،

، ل ک ل ہ د ا س ل ق م

م د ق ل ل ک س ل ا ہ د

د م ہ د ا ق ل ل س ل ک

ک د ل م س ہ ل د ل ا ق

ق ک ا د ل ل د م ل س ہ

ہ ق س ک ل ا م د و ل ل

ل ہ ل ق د س د ک م ل ا

ا ل ل ہ م ل ک ق د و س

صاحب مرتبہ سے کام لینا

آپ کا معاملہ کسی بھی صاحب اقتدار کے پاس رُکا ہوا ہو تو اسم الٰہی ملک کا ذکر کرتے ہوئے اس کے سامنے پیش ہوں۔ ساتھ مضمون کے شروع میں دیئے گئے نقش (بادی چال والا) کو بنا کر اپنے پاس رکھیں، مفید ثابت ہوگا اور متعلقہ فرد آپ کا کام کرے گا۔

ملکیت کا حصول

کسی کے ہاتھ سے جائیداد نکل جائے تو اس کے حصول کے لیے درج ذیل نقش تحریر کر کے اس جائیداد کی زمین میں دفن کردے یا کسی درز میں ڈال دے۔ حکمت الٰہی سے اچھی توقع رکھے اور روزانہ فجر کے وقت پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی "یا مالک" کا ذکر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ کرے۔ ان شاءاللہ حصول مقصد ہوگا۔

حصول جاہ و مرتبہ

وہ فرد جس سے اس کا عہدہ چھن چکا ہو اور دوبارہ حصولِ عہدہ کا خواہش مند ہو یا کوئی ایسا فرد جس کو ایسے امر کا اندیشہ ہو وہ درج ذیل نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر ہمہ وقت پاس رکھے نقش چال اور پہلے بیان کردہ طریقے کے مطابق تحریر کرے۔ شرفِ قمر یا شرفِ شمس کے وقت اگر یہ نقش تیار کیا جائے تو زیادہ اثرات ہوں گے۔

	ابجد قمری	ابجد شمسی
اللہ	٦٦	١٩٠١

ملک	۹۰	۱۱۳۸
رافع	۳۵۱	۳۰۱
مقدم	۱۸۴	۱۵۰۸
کل تعداد	۶۹۱	۴۸۴۸

دائرہ شمسی آتشی نقش اعداد ۴۸۴۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۲۰۴	۱۲۱۸	۱۲۱۵	۱۲۱۱
۱۲۱۶	۱۲۱۰	۱۲۰۵	۱۲۱۷
۱۲۰۹	۱۲۱۳	۱۲۲۰	۱۲۰۶
۱۲۱۹	۱۲۰۷	۱۲۰۸	۱۲۱۴

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ شمسی بادی نقش اعداد ۴۸۴۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۲۱۸	۱۲۰۴	۱۲۱۱	۱۲۱۵
۱۲۱۰	۱۲۱۶	۱۲۱۷	۱۲۰۵
۱۲۱۳	۱۲۰۹	۱۲۰۶	۱۲۲۰
۱۲۰۷	۱۲۱۹	۱۲۱۴	۱۲۰۸

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ شمسی آبی نقش اعداد ۴۸۴۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۲۱۵	۱۲۱۱	۱۲۰۴	۱۲۱۸
۱۲۰۵	۱۲۱۷	۱۲۱۶	۱۲۱۰
۱۲۲۰	۱۲۰۶	۱۲۰۹	۱۲۱۳
۱۲۰۸	۱۲۱۴	۱۲۱۹	۱۲۰۷

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ شمسی خاکی نقش اعداد ۴۸۴۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۲۱۱	۱۲۱۵	۱۲۱۸	۱۲۰۴
۱۲۱۷	۱۲۰۵	۱۲۱۰	۱۲۱۶
۱۲۰۶	۱۲۲۰	۱۲۱۳	۱۲۰۹
۱۲۱۴	۱۲۰۸	۱۲۰۷	۱۲۱۹

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ قمری آتشی نقش اعداد ۶۹۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۶۵	۱۷۹	۱۷۵	۱۷۲
۱۷۶	۱۷۱	۱۶۶	۱۷۸
۱۷۰	۱۷۳	۱۸۱	۱۶۷
۱۸۰	۱۶۸	۱۶۹	۱۷۴

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ قمری بادی نقش اعداد ۶۹۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۷۹	۱۶۵	۱۷۲	۱۷۵
۱۷۱	۱۷۶	۱۷۸	۱۶۶
۱۷۳	۱۷۰	۱۶۷	۱۸۱
۱۶۸	۱۸۰	۱۷۴	۱۶۹

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ قمری آبی نقش اعداد ۶۹۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۷۵	۱۷۲	۱۶۵	۱۷۹
۱۶۶	۱۷۸	۱۷۶	۱۷۱
۱۸۱	۱۶۷	۱۷۰	۱۷۳
۱۶۹	۱۷۴	۱۸۰	۱۶۸

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

دائرہ قمری خاکی نقش اعداد ۶۹۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۹	۱۶۵
۱۷۸	۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۷	۱۸۱	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۸	۱۸۰

یا اللہ یا اللہ یا ملک یا دافع یا مقدم یا اللہ

قسط نمبر:4

اکابر کے مجرب عملیات

از قلم: قدر الزمان

آسمانی برق سے حفاظت

خاصیت: ویسبح الرعد بحمدہ و الملئکۃ من خیفتہ برق کے وقت پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

شیر یا کتے سے حفاظت

خاصیت: و کلبھم باسط ذراعیہ اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا حملہ کرے اور شور مچائے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے چپ ہو جاوے گا۔

برائے اولاد

خاصیت: رب لاتذرنی فردًا و انت خیر الوارثین جس کو اولاد سے مایوسی ہو نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گا۔ یہ دعا ذکریا علیہ السلام کی ہے۔

برائے آسیب

خاصیت: افحسبتم انما خلقنکم عبثا و انکم الینا لاترجعون فتعالی اللہ الملک الحق لا الہ الا ھو رب العرش الکریم و من یدع مع اللہ الھا اخر لا برھان لہ بہ فانما حسابہ عند ربہ جس شخص کو آسیب آتا ہو ان آیتوں کو تین بار پڑھ کر منہ پر چھینٹا مار دیوے اِن شاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہو جائے گا۔

زہریلے جانور

خاصیت: و اذا بطشتم بطشتم جبارین اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا رہے۔ ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاوے گی۔

برائے مفرور

خاصیت: ان الذی فرض علیک القران لرادوک الی معاد دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیت کریمہ کو ایک سو انیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھے بہرکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آوے۔

ظالم کو دفع کرنے کے لیے

خاصیت: ولقد فتنا سلیمن والقینا علی کرسیہ جسد ثمانات اگر کسی شریر ظالم کو شہر سے نکالنا ہو تو ہر روز سات سرخ گھر دنگی پر ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگی کو کنویں میں ڈالتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص اس شہر سو جلد چلا جائے گا۔

اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے مگر اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

آیات شفاء

خاصیت: ویشف صدور قوم مومنین وشفاء لمافی الصدور یخرج من بطونھا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس و ننزل من القران ماھو شفاء و رحمۃ للمومنین واذا مرضت فھو یشفین قل ھو للذین امنوا ھدی و شفاء

ان آیات شفاء کو جس مرض میں چاہے طشتری پر لکھ کر مریض کو پلادے یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی اگرچہ کیسا ہی سخت مرض ہو۔

برائے بصارت

خاصیت: فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہو گی بلکہ جس قدر نقصان ہو گیا ہو گا وہ جاتا رہے گا۔

فاقہ سے حفاظت

خاصیت: پوری سورہ واقعہ حدیث میں ہے کہ جو شخص اس سورہ کو رات کو وقت ایک مرتبہ پڑھا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

دردسر

خاصیت: لایصدعون عنھا ولاینزفون جس کو دردسر ہو اس پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

خاصیت: ھو اللہ الذی لاالہ الاھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم۔

اسم اعظم اس میں مخفی ہے، جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھے تو شام تک اس کے واسطے فرشتے دعا مغفرت کریں اور اگر اس دن میں مرے تو شہید کا درجہ پائے گا اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے واسطے فرشتے دعا مغفرت کریں اور جو اس شب کو مرے تو درجہ شہادت پائے۔

خاصیت: ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شی قدرًا۔

فراخی رزق کے لیے اور جس مہم میں چاہے اس کو پڑھا کرے انشاء اللہ تنگ دستی دور ہو جائے گی اور مہم آسان ہوگی۔

خاصیت: ن اور جتنے مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر خوبی سے بسر ہوگی۔

خاصیت: اگر پوری سورہ نوح سوتے وقت پڑھ لی جائے تو احتلام سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت: پوری سورہ مزمل کشائش رزق کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یامغنی پڑھے۔ بعدہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے۔ جو اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح امداد فرمائیں گے۔

خاصیت: پوری سورہ عبس وتولی جو شخص کسی عمل کے وقت اس سورہ کو پڑھ لے تو انشاء اللہ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہوگا۔

خاصیت: اذا السماء انشقت واذنت لربھا وحقت واذا الارض مدت والقت مافیھا وتخلت۔

ان آیات کو لکھ کر ولادت کی آسانی کے لیے بائیں ران میں باندھے دے انشاء اللہ بہت آسانی سے ولادت ہوگی۔ مگر بعد ولادت تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہیے۔

اور اسی عورت کے سر کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید وولادت ہے۔

خاصیت: پوری سورۂ انا انزلناہ جو شخص وضو کے بعد آسمان کی ہر طرف نظر کر کے پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بصارت میں کبھی کمی نہ ہوگی۔

عملیات

از حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند

عطیہ جناب مولانا ریاست علی صاحب بجنوری استاد دارالعلوم دیوبند

برائے حب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رب انی مغلوب فانتصر

الحب فلاں بفلاں

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نوچندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جائے اور روئی میں لپیٹ کر طالب باندھ کر مطلوب کے پاس جاوے۔

نوٹ: الحب فلاں بفلاں کے بجائے طالب ومطلوب کے نام تحریر کئے جائیں۔

برائے گمشدہ چیز وشخص

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

کوری ٹھکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف چیز یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان کونڈے سے بند کر کے رکھ دے کامیابی ہوگی۔

ایک نایاب تعویذ

(از بعض عارفین)

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے اگر قتل و

غارت گری ہو رہی ہوگی اور وہاں سے گزرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سیدھے بازو پر، عورت الٹے بازو پر اور گلے میں ڈالے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ مجرب المجرب ہے، وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

عملیات

از حضرت شیخ محمد محدث تھانویؒ

برائے حصول مقصد

یہ دعا چالیس روز تک طلوع آفتاب کے وقت تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اتوار کو دن سے یہ عمل شروع کرے۔ سبحانک لا الہ الا انت یارب کل شی و وارثہ ورازقہ وراحمہ یا سبحان۔

برائے ادائیگی قرض

یا کبیر انت اللہ الذی لاتھتدی العقول بوصف عظمتہ یا کبیر۔ دس ہزار مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے، غیب سے امداد ہوگی۔ کم از کم درجہ یہ ہے کہ روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

حصول عزت کے لیے

یا عظیم ذالثناء الفاخر والعز و المجد والکبریاء فلا یزال عزہ یا عظیما۔

سولہ روز تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

ظالم کے پنجہ سے رہائی کے لیے

روزانہ ننانوے مرتبہ درج ذیل دعا کی پابندی کرے۔

یاغیاثی عند کل کربۃ و معاذی عند کل شدۃ و مونسی عند کل وحشۃ ومجیبی عند کل دعوۃ و رجائی حین تنقطع حیلتی یاغیاثی۔

حصول فراخی

پوری سورہ نصر یعنی اذا جاء نصر اللہ والفتح طلوع صبح صادق کو بعد چالیس مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا اور کثیر آمدنی ہوگی۔

برائے فراخی رزق

اول و آخر درود شریف اور درمیان میں پانچ سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ فاللہ الحمدرب السموت و رب الارض رب العلمین ولہ الکبریاء فی السموت والارض و ھو العزیز الحکیم۔

نوٹ: یہ آیت سورہ جاثیہ کے آخر میں ہے۔

برائے ازالہ مرض

جو شخص مریض ہو اور اس کا مرض بڑھتا چلا جائے اور مرض کی تشخیص نہ ہو اس کو چاہیے کہ اول تازہ وضو کرے اور دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد انا اعطینا گیارہ مرتبہ پڑھے، دو رکعت سے فارغ ہو کر اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے، پھر قل یاایھا الکفرون ایک ہزار مرتبہ اور یابدیع السموت والارض ایک ہزار مرتبہ اور پھر آخر میں سو مرتبہ درود شریف پڑھے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

برائے اجرائے بول

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے یہ لکھ کر گردن میں بندھوا دے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لم یلبثوا الاساعۃ من نھار بلغ فھل یھلک الا القوم الفسقون۔ ان شاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

برائے درد عرق النساء

یہ کلمات لکھ کر درد کی جگہ پر باندھے جائیں۔

ایتھا العرق النابت فی الجسم الذی یموت مت مت باذن اللہ الذی لایموت۔

برائے دفع چیچک

اگر مندرجہ ذیل آیت کا تعویذ گلے میں ہو چیچک ہرگز نہ نکلے۔

اگر نکل آئی ہو تو تعویذ کو دھو کر پلائے بفضلہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

بل ایاہ تدعون فیکشف ماتدعون الیہ ان شاء و تنسون ماتشر کون۔

برائے مقہوری اعداء

بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فیل سات مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے بعد وعنت الوجوہ للحی القیوم کو ظلما تک چالیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ دشمن چلا جائے گا۔

برائے حل مشکلات

سورہ قریش یعنی لایلف قریش کو مداومت کے ساتھ روزانہ ستر بار پڑھے انشاء اللہ مشکلات حل ہوں گی اور اسم ذات اللہ کو حل مشکلات کے لیے چار ہزار پانچ سو مرتبہ روزانہ رات کے وقت پڑھنا اکسیر ہے۔

عملیات

از مفتی دین محمد خان صاحب

دعائے کشائش رزق

جو شخص روزی سے تنگ ہے یا مقروض ہونے کی وجہ سے پریشان ہے ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ چالیس روز تک بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رو تنہائی میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرے اور چار سو مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو دن میں قضا کرے اور مطلوب کے حاصل ہونے کے بعد بھی ہمیشہ پڑھتا رہے انشاء اللہ رزق سے بےفکر رہے گا۔ (مجرب ہے)

استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم بدیع السموت والارض من جمیع جرمی وظلمی واسرانی علی لفسی واتوب الیہ۔

نسبت میں کامیابی کے لیے

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لیے پیغام نہ دیتا ہو وہ تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر مذکورہ مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ۱۰۰ مرتبہ یالطیف پڑھے انشاء اللہ ایک ماہ میں مقصد میں پورا ہو جائے گا۔ کم از کم ایک ماہ عمل جاری رکھے۔

امتحان میں کامیابی کے لیے

اگر کسی صاحب علم کو نتیجہ امتحان کے بارے میں تشویش ہو تو وہ تین روز ایک نشست میں روزانہ باوضو قبلہ رو بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ یاحسیب پڑھے انشاء اللہ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے۔ اگر چور گھر میں داخل بھی ہو جائے گا تو مال کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمن ایاما تدعوا فلہ الاسماء الحسنی ولا تجہر بصلاتک ولا تخافت بہا وابتغ بین ذلک سبیلا۔

مزمن امراض کے لیے

وہ دائم المرض شخص جس کی بیماری کسی طرح دور نہ ہوتی ہو یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرے انشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

توکلت علی الحی الذی لایموت الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا۔

حصول اولاد کے لیے

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرے حم الامر و جاء النصر ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد نو دن تک نماز مغرب کے بعد پڑھے۔ ایک سیب اپنے سامنے رکھ لے اور نو سو مرتبہ یہ عمل پڑھا جائے اور پڑھ کر سیب پر دم کر دیا جائے پھر یہ سیب خاوند بیوی نصف نصف کھالیں۔ اسی طرح نو دن تک نو سیب کھائیں اور دل میں یہ خیال جمایا جائے کہ اگر اولاد نہ ہوتی ہو تو خدا اولاد دے۔ اگر زندہ نہ رہتی ہو تو خدا زندہ رکھے۔ بہت مفید و مجرب عمل ہے۔

استخارہ صحیحہ

اس کے بعد شاید ہی کوئی استخارہ تیر بہدف ہو۔ جو شخص اپنے کسی کام میں متردد ہو اور وہ اس کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہو کہ اچھا ہے یا برا، اس کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھے اور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے پھر دس بار سورہ فاتحہ گیارہ بار سورہ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف بھیج کر داہنی کروٹ قبلہ رو سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں انجام معلوم ہو جائے گا۔ اگر تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نیک اور سمجھدار شخص سے تعبیر معلوم کرے۔

ازالہ تفکرات کی دعا

روز شب میں ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے۔ یاحی یاقیوم برحمتک استغیث

ازالہ نظر بد کے لیے

یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کیا جائے یا زعفران سے لکھ کر گلے میں پہنائی جائے۔

وما اغنی عنکم من اللہ من شئ ان الحکم الا للہ علیہ توکلت وعلیہ فلیتوکل المتوکلون۔

یاد رکھیے کہ

عملیات کی تاثیر طہارت ظاہری و باطنی، اکل حلال وصدق مقال نیز معاصی سے اجتناب پر موقوف ہے اور متعینہ وقت کی رعایت بھی ضروری ہے۔

جاری ہے۔۔۔

ارواح خبیثہ جن بھوت اتارنے کے تیر بہدف اعمال

تحریر۔ قیصر احمد بی اے کراچی

کسی آدمی سے جن نکالنے کے لیے:

جنات کے قبضے میں مبتلاء آدمی کے کان میں یہ آیت مبارکہ ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ وخشعت الاصوات للرّحمٰن فلا تسمع اِلّا همسا اُخرج مِنهَا مَذمُومًا مَدحُورًا اُخرُج یَا عَدُو اللهِ فَقَد جَاءَ جبرائیل بسخط مِنَ اللهِ عَلٰی مَن تمرد وعصی اَسماء اللهِ نَارُ اللهِ المُوقَدَۃ

برائے دفع آسیب

آسیب وسحر جن بھوت وغیرہ کے مریض کے بدن کا کپڑا جو مستعمل ہو لے کر اس پر یہ نقش کالی سیاہی سے لکھ کر نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کرے۔ مریض ایک ہی روز میں صحت یاب ہو جائے گا۔ مگر احتیاطاً تین روز تک جلائے مگر مریض کے تین چار سر کے بال فلیتہ کے اندر رکھ کر جلائیں۔

جلانے کا نقش یہ ہے۔

من شر الوسواس الخناس

۷۹۱	۷۸۶	۷۹۳
۷۹۲	۷۹۰	۷۸۸
۷۸۷	۷۹۴	۷۸۹

ہر بلا دور وجہ فلاں بن
فلاں باید دفع شود

برائے دفع جن وآسیب

جن وآسیب کے مریض کے پھٹے ہوئے یا پرانے پہنے ہوئے کپڑے پر یہ نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور تین بار مریض کے سر سے پاؤں تک اُتاریں اور مریض کے تین چار سر کے بال فلیتہ کے اندر رکھ کر جلادیں۔ ان شاء اللہ تمام ارواح خبیثہ دفع ہوں۔

۷۹۳	۷۸۶	۷۹۱
۷۸۸	۷۹۰	۷۹۲
۷۸۹	۷۹۴	۷۸۷

ہمہ قسم ارواح خبیثہ خاکستر شود

شناخت آسیب وسحر وجن وامراض

شناخت آسیب وسحر وجن وامراض۔ اگر کسی مریض کا امتحان مقصود ہو تو یہ ہے کہ مریض کے بائیں ہاتھ کو سونگھیں اس کے بعد سات مرتبہ سورۂ فاتحہ مریض کی مٹھی پر دم کرکے اس کے بعد سورۂ الناس تین مرتبہ پڑھ کر اور سورۂ کوثر تین مرتبہ دَم کر کے پھر مٹھی بند کروائے بعدہٗ مٹھی کو کھول کر سونگھے۔ اگر مثل پاخانہ کے بو آئے تو سحر کیا گیا ہے۔ اگر مچھلی جیسی بُو ہے تو آسیب ہے۔ اگر حسبِ دستور ہو تو علاج کی طرف رجوع کرے۔

آسیب نظر آئے گا

ایک سانس میں نقش بھر کر مریض کو دیکھنے کو دیں۔ مریض نقش کی کالی سیاہی میں دیکھے اور جو کیفیت نظر آئے وہ عامل کو بتائے۔ اور عامل (آپ) یہ عزیمت پڑھتا جائے۔

عزیمت:

عزمتُ علیکم یا شاہ یکتانوش مع افواج خود حاضر شو بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔

نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱۱	۴۱	۱
۱۳	۲۱	۷	۱۲
۳		۹	۶
۱۰	۵۰	۴	۱۵

آسیب نظر آئے

ایک سانس میں نقش بھر کر مریض کو دیکھنے کے لیے دے اور نیچے دیے ہوئے عزیمت کو پڑھتا جائے اور جو کیفیت نظر آئے وہ عامل کو بتائے۔

عزیمت:

یا حَیُّ یا جوا بحق یا سرائیل با لشکر پریاں آمدہ حاضر شود۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

شناخت آسیب وسحر وجن وامراض کے لیے

طریقہ:

سب سے پہلے ایک گلاس پانی بھر لیں پھر پانی پر تین مرتبہ یہ مبارک کلمات پڑھ کر دم کریں۔ الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓرٰ۔ لَا یُجَلِّیهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ

اور سورۂ کوثر تین بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کو چند گھونٹ پانی کے پلائیں۔

۱۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ کڑوا/یا تلخ محسوس ہو تو یہ جادو، تعویذ و بندش کی علامت ہے

۲۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ میٹھا یا تسکین بخش محسوس ہو تو یہ جناتی آسیب، آسیبی اثرات کی علامت ہے۔

۳۔ اگر پانی کا ذائقہ بالکل تبدیل نہ ہو تو جسمانی مرض کی علامت ہے ڈاکٹری علاج کی طرف رجوع کریں۔

برائے دفع جن و پری آسیب

اگر کسی شخص کے سر پر جن و پری آسیب کا سایہ ہو تو اس کو دور کرنے میں یہ نقش مفید اور تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں ان شاءاللہ خلل آسیب فوراً دور ہو گا۔ اور وہ شخص فوراً تندرست ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸ ۷ ۲ ۱

۳ ۹ ۷ ۱ ۱۱

۶

۱۱ ۵ شاہ جن سالوت ۷ ۸

۹ ۵ ۸ ۱ ۲

۳ ۷ ۲ ۱ ۹ ۱۱ ۲

جن، بھوت۔ آسیب سے نجات کا علاج

ترکیب:

بجو جانور کا خون خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس کو جلا لیں اور جس مریض کے مرض کی تشخیص کر کے اس کا علاج کرنا ہو تو اس سفوف میں سے ایک رتی بھر لے کر گڑ یا مٹھائی میں رکھ کر مریض کو کھلا دیں بعدہٗ پانی پلا دیں اس سفوف کا حلق سے نیچے اترتے ہی یہ اثر ہو گا کہ مریض پر سے مسلط جن و آسیب فوراً حاضر ہو جائے گا عامل مریض پر حاضر ہونے والے آسیب، جن و ارواح خبیثہ سے بلا خوف و خطر جو بھی معلومات حاصل کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ اس عمل کے نتیجہ میں مریض پر اثر انداز آسیب و ارواح خبیثہ حاضر ہونے کے بعد مریض کا پیچھا چھوڑ کر ہمیشہ کے لیے جاتا رہے گا۔ (آزمودہ علامت) اجازتی عمل۔

آسیب جن بھوت کو بذریعہ دس (۱۰) کاف کے جلانا

یہ طریقہ جناب محبوب سُبحانی غوث صمدانی قدس سرہٗ سے جاری ہے۔ واسطے آسیب، جن، بھوت، ڈائن، ارواح خبیثہ اگر کسی صاحب یا عامل کے سامنے حاضر ہوں تو کسی طرح کا نقصان چاہیں تو اس اسم کو دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر ان موکلوں کی طرف دم کرے وہ جل جائیں گے پہلے یہ رباعی پڑھے پھر دس (۱۰) کاف دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے ان شاءاللہ تمام جل جائیں گے پہلے یہ رباعی پڑھے

عشق جس کو کہتے ہیں ہمارا ہی نام ہے
شور و فغاں کی اپنی یہاں دھوم دھام ہے
گر پھونک دوں جہاں کو تو کچھ عجب نہیں
میں آگ بھبوکہ ہوں جلانا میرا کام ہے

پھر یہ دعا (دس کاف) دس (۱۰) مرتبہ پڑھے۔

دس کاف یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
اَللّٰهُ الْكَافِي قَصَدتُ الْكَافِي وَجَدتُ الْكَافِي لِكُلِّ الْكَافِي كَفَانِي
الْكَافِي وَكَافِي الْكَافِي وَنِعمَ الْكَافِي
وَلِلّٰهِ الحَمد یا شیخ عبدالقادر جیلانی شَیئاً لِلّٰهِ الأمان یا
رَسُولَ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وسلم)

تمام اعمال اجازتی ہیں اجازت لینا لازمی ہے بغیر اجازت کے اعمال کرنا خوفِ جان ہے لہٰذا اعمال شروع کرنے سے پہلے اجازت ضرور لیں۔

(ختم شد)

الواح رفع رجعت و نحوست کواکب

کسی بھی زائچہ میں کسی ایک یا زیادہ کواکب کا حالت رجعت (الٹ چلنا) یا حالت نحوست و کمزور ہونا، صاحب زائچہ کے لیے مسائل لاتے ہیں۔ فرد کی تمام صلاحیتیں بے کار اور کوششیں ناکام ہوتی ہیں۔ آپ کے زائچہ میں بھی اگر کوئی کوکب حالت رجعت و نحوست میں ہے تو اس کے روحانی و عملیاتی حل کیلئے آپ اس کوکب کی لوح رفع نحوست و رجعت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں 0300-8442060

قسط نمبر:11

تحریر: بیگم زبیدہ مرحومہ

قیمتی پتھر اور آپ

اوپل

اس پتھر کو انگریزی میں اوپل Opal اردو میں دودھیا اور سنسکرت میں اوپلا کہا جاتا ہے جس کے لغوی معنی قیمتی پتھر کے ہیں۔ کسی زمانے میں اس کی قیمت ہیرے سے بھی زیادہ تھی۔ پرانے زمانے میں یہ مشہور تھا کہ یہ پتھر اپنے پہننے والے کیلئے خوش قسمتی اور خوش بختی لاتا ہے۔ اس وجہ سے اس کی مانگ زوروں پر تھی۔ بعد میں یہ مشہور ہو گیا کہ یہ پتھر جلالی ہے اور اگر یہ کسی کو راس نہ آئے تو بہت نحس ثابت ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی مانگ میں کمی واقع ہو گئی۔ ماہر فلکیات کا یہ خیال ہے کہ اوپل اور نیلم دونوں پتھر اگر کسی کو راس آ جائیں تو شاہ بنا دیں اور بصورت دیگر نقصان پہنچاتے ہیں۔ یہ پتھر اپنے خوش رنگ ہونے کی وجہ سے دوسرے پتھروں پر فوقیت رکھتا ہے۔ اس پر پالش بہت اچھی ہوتی ہے۔ قیمت کے لحاظ سے درمیانہ درجے کا ہونے کی وجہ سے ہر خاص و عام میں مقبول ہے۔ قدیم زمانہ میں اہل روم اسے بہت شوق سے پہنتے تھے اور اسے بصورت تعویذ پہنتے تھے اور اس پر نقش کندہ کرنے کا عام رواج تھا۔

رنگ اور کیمیاوی مرکبات:۔

اس پتھر میں قوس قزح کے تمام رنگ موجود ہوتے ہیں۔ لیکن ان میں سے کوئی ایک رنگ زیادہ نمایاں ہوتا ہے۔ عام طور سے مندرجہ ذیل رنگوں میں پایا جاتا ہے۔

کالا، سفید، مٹیالا، نیلا، زرد، نارنجی، گلابی اور سبز۔ مصنوعی اوپل بنانا اس کے رنگوں کی وجہ سے ناممکن ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کی رنگت بھی بدلتی رہتی ہے۔ اس پتھر کو مختلف زاویوں سے دیکھنے سے اس کے مختلف رنگ نظر آتے ہیں جس کی وجہ سے اس کی خوبصورتی دوبالا ہو جاتی ہے۔ قیمت کے لحاظ سے سفید اور سرخی مائل پتھر اول نمبر کا ہے۔ دوئم درجہ پر نارنجی رنگ کا، سوئم سبز رنگ کا اور چہارم نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ کالے رنگ کا پتھر کامیاب ہے لیکن اس کا پہننا عام طور پر منحوس سمجھا جاتا ہے۔

کیمیاوی مرکبات:۔

اس میں عام طور پر دو اجزاء ہوتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

ا۔ سلیکا	Silica	94	درجے
۲۔ پانی	Water	6	درجے

معمولی سی دوسرے اجزاء کی ملاوٹ سے یہ رنگ پکڑتا ہے۔

ساخت:۔

سختی	Hardness	5.50	درجے
وزن مخصوص	Specific Gravity	6.65	درجے
عکس	Refractive Index	1.54	درجے

یہ پتھر زیادہ سخت نہیں ہوتا۔ اس پر خراش پڑ سکتی ہے۔ اس پتھر کو پانی کی بڑی حسب ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کو پانی میں ڈالا جاتا ہے تاکہ گرمی کی وجہ سے اس کا پانی خشک نہ ہو اور چٹخ نہ جائے۔ اس لئے اس کے نگینے کو کبھی کبھی پانی میں دھو لینا چاہیے۔

اقسام:۔

اس کی بے شمار اقسام ہیں۔ لیکن ان میں مندرجہ ذیل مشہور ہیں:۔

۱۔ آتشی اوپل Fire Opal: رنگت میں آتشی ہوتا ہے اور سب سے مقبول ہوتا ہے۔

۲۔ وڈ اوپل Wood Opal: لکڑی کے برادے کی رنگت کا ہونے کی وجہ سے اسے یہ نام دیا گیا ہے۔

۳۔ سیاہ اوپل Black Opal: یہ کالے رنگ کا ہوتا ہے اور کامیاب ہے۔

۴۔ عام اوپل Comman Opal: یہ دودھیا رنگ کا ہوتا ہے اور مشرقی ممالک میں بہت زیادہ مقبول ہے اور سحری خواص کی وجہ سے بھی مشہور ہے۔

۵۔ جسپار اوپل Jaspar Opal: اس کا رنگ زردی مائل سفید ہوتا ہے۔

۶۔ عقیق نما اوپل Agate Opal: اس کا رنگ سرخ عقیق کے رنگ یعنی گیرو کے رنگ سے ملتا ہے۔

۷۔ ریزن اوپل Resin Opal: اس کا رنگ موتیا یا شہد کی طرح ہوتا ہے۔

۸۔ ہائی لائٹ اوپل Hylite Opal: یہ بلوری ہوتا ہے۔

۹۔ مِنی لائٹ اوپل Menilite Opal: یہ بے آب سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔

۱۰۔ کیچولانج اوپل Cacholonge Opal: یہ نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

۱۱۔ گرسل اوپل Girasol Opal: یہ سبزی مائل ہوتا ہے اور پاکستان میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

شناخت:۔

یہ اپنے حجم کے لحاظ سے وزن میں ہلکا ہوتا ہے۔ اس پر کسی تیزاب کا اثر نہیں ہوتا لیکن سوڈیم میں تحلیل ہو جاتا ہے۔

تاریخی وابستگی:۔

فرانس کی ملکہ جوزوفین کے گلے کا ہار جو بعد میں تاریخ میں Burning Toy کے نام سے مشہور ہوا ہے۔ یہ اپنے رنگ اور تراش کی وجہ سے لاثانی ہے۔ آج کل یہ پیرس کے قومی عجائب گھر کی زینت ہے۔

آسٹریلیا کے بادشاہ کی صندوقچی بھی جس میں اس کی مہر رکھی جاتی تھی فن تراشی کا ایک نادر نمونہ ہے۔ اس پتھر کی بنی ہوئی تھی جو آج کل ویانہ کے عجائب گھر میں موجود ہے۔

امریکہ کے قومی عجائب گھر میں ایک اوپل کا نایاب پتھر موجود ہے جس کا رنگ کالا اور وزن ۱۷۰ قیراط ہے۔ اس کو عجائب گھر والوں نے ۱۹۱۹ء میں ۲۵۰۰۰ پونڈ میں خریدا تھا۔

طبی خواص:۔

اس کے پہننے سے نظر تیز ہوتی ہے۔ آنکھوں کے زخم بھرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے اور ان کو تمام بیماریوں سے بچاتا ہے۔

سحری خواص:۔

اس کو پہننے سے طبیعت میں سادگی پیدا ہوتی ہے۔ تجارت کی طرف رجحان ہوتا ہے۔ محبت کرنے والوں کے لیے کامیابی اور خوش بختی کا باعث ہوتا ہے۔ ازدواجی زندگی کو کامیاب اور معاون بناتا ہے۔ زمانہ قدیم میں اس پتھر کو بطور تعویذ پہنا جاتا تھا۔ روحانی علوم کے نقطہ نظر سے یہ جاذبیت اور اثرات قبول کرتا ہے۔ اس کے پہننے والے کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ پتھر قوت حیات بخش رہا ہے۔ نیا اوپل خوشی لاتا ہے۔ سرخ اور گلابی رنگ والا قوت، صحت، جرات اور زندہ دلی کی صفات پیدا کرتا ہے۔ البتہ سیاہ اوپل منحوس شمار کیا جاتا ہے۔ یہ پتھر نیلم کی طرح خوش بختی اور بدبختی کا حامل ہے۔

موافق نگینہ:۔

اس پتھر کا ستارہ قمر ہے۔ جن حضرات کا یہ ستارہ پیدائش کے زائچہ میں کم قوت والا ہو یہ ان کو راس آئے گا۔ برج دلو اور جدی والے حضرات قمر کے نحس اثرات سے بچنے کے لیے اس پتھر کو پہن کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جن حضرات کا تعلق برج سرطان سے ہے یہ پتھر ان کے لیے بھی مفید ہے۔ اگر کسی شخص کے نام کا پہلا حرف تھ، ہی، ح، ڈا، ڈی اور ڈو ہوں۔ ان کو اس پتھر کے پہننے سے فائدہ ہوگا۔ علم یونانی کے مطابق جو حضرات جون میں پیدا

مرتع انگوٹھی
جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور رد سحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ انگوٹھی خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے
042-36374864
0300-8442060
www.khalidrathore.com Rehnuma-e-amliyat

ہوتے ہیں یہ ان کا بھی ممنون ہے۔ ایسے حضرات اپنے خلوص کی وجہ سے ہمیشہ نقصان اٹھاتے ہیں۔ جس کا یہ پتھر سدباب کرتا ہے۔ علم الاعداد کے حساب سے جن حضرات کے نام کے یا تاریخ پیدائش کے اعداد ۲ یا ۷ ہوں یہ پتھر ان کو موافق آئے گا۔ علم جفر کے لحاظ سے اس پر عملیات کے ذریعے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

یہ پتھر زمانہ قدیم سے ہنگری اور چیکوسلواکیا کی کانوں سے بڑی مقدار میں نکالا جاتا رہا ہے۔ سب سے عمدہ اوپل آسٹریلیا میں کوئینز لینڈ اور نیو ساؤتھ ویلز میں ملتا ہے جو دنیا میں مشہور ہے اور اعلیٰ قسم کا سمجھا جاتا ہے۔ مگر یہ اپنے رنگ روپ کی وجہ سے کمتر ہے۔ میکسیکو میں کان سے نکالے جانے کے کچھ عرصہ کے بعد اوپل کا رنگ اڑ جاتا ہے۔ امریکہ میں پتھر (اواوا) سے نکالا جاتا ہے لیکن کمتر ہے۔

فیروزہ

اس کو انگریزی میں ٹرکائز Turquoise، فارسی میں فیروزہ اور سنسکرت میں پیروج کہتے ہیں۔ یہ دلکش اور خوبصورت پتھر ہے جو اپنے رنگ اور چمک کی وجہ سے مقبول عام ہے۔ یہ انگوٹھیوں اور دیگر زیورات میں بکثرت استعمال ہوتا ہے اور قیمت کے لحاظ سے ایک اوسط درجہ کا پتھر ہے اور اس کی خرید عوام کی بساط سے باہر نہیں ہے۔ گہرا فیروزی رنگ اعلیٰ اور قیمتی سمجھا جاتا ہے اور اپنی مشہور خصوصیات اور برکات کی وجہ سے امراء اور فقراء میں یکساں مقبول ہے۔ دنیا کا سب سے قیمتی فیروزہ شہنشاہ ایران کی ملکیت ہے جس کی لمبائی ساڑھے ۱۳ انچ اور وزن ۳۵۰ کیرٹ ہے۔

رنگت اور کیمیاوی مرکبات:۔

یہ پتھر چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ فیروزی، آسمانی، گہرا سبز اور مٹی سبز۔ اس کی سختی پانچ اور چھ درجہ ہوتی ہے اور اس کی سطح موم جیسی چکنی اور چمکدار ہوتی ہے۔

اس میں تانبہ 5.57 فیصد۔ ایلومونیم 36 فیصد۔ فاسفورس 34 فیصد ہوتا ہے۔ اکثر اس میں لوہا بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اس کا فیروزی رنگ تانبے کی ملاوٹ کے سبب ہوتا ہے۔

شناخت:۔

یہ قدرتی یا بجلی کی روشنی میں رنگ یکساں رکھتا ہے اور نمک کے تیزاب میں کسی قدر حل ہونے کے علاوہ اپنی آب و تاب چھوڑ دیتا ہے۔ مگر

بخورات (عملیاتی)

042-36374864
0300-8442060

ہر عامل نے متفرق اعمال کرنے ہوتے ہیں۔ ادارہ نے کوشش کر کے مختلف اعمال کیلئے خاص بخورات ترتیب دیئے ہیں۔ جو آپ اپنے عملیات میں مکمل اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخور	قیمت
بخور اعمال سعد (عام)	300
بخور سعد اعمال (خاص)	850
بخور نحس اعمال	400
بخور روح و جنات	650
بخور نورانی	1500
بخور العرب	250
بخور الہند	250
بخور	225

www.khalidrathore.com Rehnuma-e-amliyat

پانی میں بھیگنے کے بعد کھلتا ہے۔ نقلی فیروزہ عام طور سے پلاسٹر آف پیرس میں رنگ کی آمیزش سے بنتا ہے۔

اقسام:۔ اس کی بے شمار اقسام ہیں جن میں مندرجہ ذیل بہت مشہور ہیں:۔

(۱) فتحی۔ (۲) اظہاری۔ (۳) سلیمانی۔ (۴) اندیشی۔ (۵) آسمان گوں۔

پہلی دو قسموں میں سفید دھبے پائے جاتے ہیں جو فیروزہ کی قدر و قمت کو کم کر دیتے ہیں۔ کیونکہ پتھر کی رنگی یکسانیت ہی اس کا حسن اور قدر ہے۔ دوسری تین اقسام بہترین فیروزہ کی شمار ہوتی ہیں۔

تاریخی وابستگی:۔ اس کی تاریخی اہمیت مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ حضرت مولانا حسن طبری علیہ الرحمۃ اپنی کتاب مکارم الاخلاق میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام محمد موسیٰ کاظم علیہ السلام کی انگوٹھی میں فیروزہ کا نگینہ تھا جس میں اللہ الملک کندہ تھا۔

۲۔ کتاب کنز الحائق میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ روایت منسوب ہے کہ فیروزہ مفلسی دور کرتا ہے۔

۳۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ فیروزہ کی انگشتری جس پر اللہ الملک الحق کندہ ہو اس کا پہننا اور دیکھنا بابرکات ہے۔

۴۔ حضرت علی بن محمد ضمیری سے منسوب ہے کہ انہوں نے حضرت جعفر بن محمود کی دختر سے عقد کیا مگر کوئی اولاد نہ ہوئی۔ جس پر انہوں نے حضرت امام

علی نقی علیہ السلام کی خدمت میں جا کر اپنا مدعا بیان کیا۔ جس پر حضرت امام نے فیروزہ کی انگوٹھی جس پر رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین کندہ ہو پہننے کی ہدایت کی اور وہ اپنی مراد سے بہرہ ور ہوئے۔

مختصر اً روایت ہے کہ جس کے ہاتھ میں فیروزہ کی انگوٹھی ہوگی۔ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور دعائیں قبول ہونے کے علاوہ یادِ الٰہی کی طرف طبیعت راغب ہوگی۔

طبی خواص:۔

فیروزہ کا سرمہ بہترین سرمہ شمار ہوتا ہے جو کہ آنکھوں کے لیے بے حد مفید ہے۔ جن حضرات کو رات میں نظر نہیں آتا۔ ان کے لیے فیروزہ کا سرمہ بہترین علاج ہے۔ پرانے زمانے میں لوگ اس کے سرے کی سلائی بنوا کر استعمال کرتے تھے۔ ان کا یہ خیال تھا کہ اس سے نظر تیز ہوتی ہے۔

اس کے مرکبات امراض صرع اور طحال کے لیے اکسیر ہوتے ہیں۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کا علاج بھی فیروزہ سے ہوتا ہے۔ سانپ اور بچھو کے زہر کو زائل کرنے کے لیے فیروزہ کا کشتہ ۳ ماشہ شراب، شہد اور گوند کتیرا میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ نسخہ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

سحری خواص:۔

جو شخص اس کو انگوٹھی میں جڑوا کر پہنے اس کا ڈر اور خوف دور ہو جاتا ہے۔ دل کو قوت وراحت بخشتا ہے دل میں رحم اور ہمدردی پیدا کرتا ہے۔ غصہ کو دور کرتا ہے۔ مزاج ملنسار بناتا ہے۔ دشمن پر غلبہ میں مدد دیتا ہے۔ سانپ اور بچھو کے ڈنک سے محفوظ رکھتا ہے۔ ڈوبنے اور بجلی کے صدمہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ نظر بد سے محفوظ رکھتا ہے۔ علم و ہنر میں معاون ہے۔ حاملہ عورتوں کے لیے مفید ہے۔ گھوڑوں اور ریس سے متعلق حضرات کے لیے خوش بختی لاتا ہے۔ نیا چاند دیکھنے پر اگر کوئی شخص فیروزہ کی انگوٹھی پہنے تو زر کثیر ہاتھ لگے۔ ایسے حضرات جن کا کام بن بن کر بگڑ جاتا ہے ان کے لیے فیروزہ مفید ہوگا۔

اگر کسی شخص پر کوئی ناگہانی آفت یا پریشانی آنے والی ہو تو اس کی انگشتری کا فیروزہ چٹخ جاتا ہے اور اپنے او پر اثر لے لیتا ہے۔ ایسے نگینے کو فوراً دریا یا سمندر برد کر دینا چاہیے ورنہ نحوست پیدا کرتا ہے۔

اگر انگوٹھی کا نگینہ ایک دفعہ گر جائے تو اسے دوبارہ پہننا نہیں چاہئے ورنہ انسان پریشانیوں میں گھر جائے گا۔

موافق نگینہ:۔

علم نجوم کے حساب سے فیروزہ کا ستارہ مشتری ہے۔ اس لئے اس نگینے کے پہننے والے حضرات دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتے ہیں۔ جس کا ستارہ مشتری ہو یا جس کا یہ ستارہ پیدائش کے زائچے میں کمزور ہو اس کے لیے مفید ہے کیونکہ اس کے پہننے سے مشتری کے ناقص اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔ برج قوس اور حوت کے مالک اس کے نگینے کی انگشتری پہنتے ہیں اور جن حضرات کو اپنے برج کے بارے میں معلوم نہ ہو اور ان کے نام یو۔ پھے۔ بھی۔ ف۔ پھا۔ د۔ دی۔ دو۔ دا۔ چھا سے شروع ہوتے ہوں تو فیروزہ ان کو راس آئے گا۔ یونانی حساب سے جو حضرات دسمبر میں پیدا ہوں یہ ان کا برتھ سٹون ہے۔ جن حضرات کو کامیابی چھو کر بھاگ جاتی ہے اس کا یہ پتھر سد باب کرتا ہے۔ علم الاعداد کے مطابق جن حضرات کے نام کے اعداد یا تاریخ پیدائش کے اعداد ۳ ہوں تو ان کو فیروزہ بہت راس آئے گا۔ فیروزہ کا انتخاب اس کی برکات اور سحری خواص کی وجہ سے بھی کیا جا سکتا ہے۔

سب سے اچھی قسم کا فیروزہ ایران میں نیشاپور کے قریب پایا جاتا ہے۔ مصر میں صحرائے سینائی میں سبز رنگ کا فیروزہ چار ہزار سال قبل مسیح سے نکالا جا رہا ہے۔ چین میں بھی یہ کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ روس میں سمرقند کے نزدیک اس کے بہت بڑے ذخائر موجود ہیں۔ پاکستان میں ہنزہ اور ناگر میں اعلیٰ قسم کا فیروزہ بکثرت پایا جاتا ہے۔

جاری ہے---

راٹھور وقتی نجوم

علم نجوم کے موضوع پر چند ہی کتب دستیاب ہیں۔ جہاں تک وقتی نجوم کا تعلق ہے تو اس پر قابل اعتماد مواد اور کتب کا اُردو زبان میں انتہائی فقدان ہے۔ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے اپنے طویل تجربے کی روشنی میں علم نجوم کی ایک اہم شاخ ''وقتی نجوم'' پر یہ کتاب تحریر کی ہے۔ وہ طالب جو اس حوالے سے کتاب کی تلاش میں سرگرداں تھے، اب ان کو وقتی نجوم کے موضوع پر عظیم خزانے سے بڑی نعمت اس کتاب کی شکل میں دستیاب ہوگئی ہے۔ نجوم کے ہر ماہر اور طالب علم کو اس کتاب کا مطالعہ مفید اور نئی سمت دینے کا سبب بنے گا۔ علم کے متلاشیوں کے لیے ایک خزانہ۔

دفع بندش نکاح

از قلم: شیخ عبدالخالق

قارئین محترم عزیز کو السلام وعلیکم آج ایک نئے مضمون کے ساتھ آیا ہوں جس کا عنوان ''دفع بندش نکاح'' ہے۔ آج کے جدید دور میں ایسے مسائل بہت تیزی سے بڑھتے جارہے ہیں اگر کوئی لڑکی نکاح کی خواہش رکھتی ہو اور کسی وجہ سے اس کا نکاح نہ ہوتا ہو یا کسی نے سحر سے بندش کروادی ہو یا حسد کی وجہ سے کسی عزیز رشتے دار نے مخالفت کر کے نکاح نہ ہونے دیتے ہوں اور اگر نکاح کا پیغام آتا ہے تو کسی نہ کسی وجہ سے بات وہیں پر ختم ہوجاتی ہے متعدد جگہ نسبت و منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے۔ جب بھی ایسی صورت پیدا ہوتی ہے تو بڑی پریشانی کا سبب بنتی ہے واضح رہے کہ یہ بھی سحر کی شدید ترین صورت ہوتی ہے۔ بندش کرنے والا عامل سفلی عمل سے بندش کرتا ہے۔ بندش نکاح کی ایک وجہ سحر بھی ہوتی ہے اس کی علامتیں یہ ہیں۔

1۔ لڑکی خود سے انکار کردے گی۔ شادی کے لیے لڑے جھگڑے گی۔

2۔ لڑکے والے اگر لڑکی کو دیکھنے آئے تو لڑکی کی طبیعت خراب ہوجانا۔

3۔ اچانک غصہ آجانا۔

4۔ کمر میں درد ہونا۔

5۔ اکثر بیمار رہنا۔

6۔ معدہ خراب رہنا۔

7۔ سر کے بال تیزی سے گرجانا۔

دوسری وجہ بندش نکاح جناتی اثرات یا شیطانی مخلوق کا ہونا ہو تو تب بھی لڑکی کی شادی میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ آتی ہے اس کی اہم علامتیں یہ ہیں۔

1۔ لڑکی کو اکثر خواب میں اندھیرا نظر آتا ہے اور کوئی جانور نما اس کا پیچھا کرتا ہوا نظر آتا ہے۔

2۔ صبح اٹھتے وقت آنکھوں میں جلن محسوس ہوتی ہے۔

3۔ غصہ میں کسی کا بھی لحاظ نہ کرنا چاہے ماں ہو یا باپ۔

4۔ اگر لڑکے والے لڑکی کو دیکھنے کے لیے آئیں تو لڑکی کو دورہ پڑ جانا۔

5۔ رات کے وقت کھلے آسمان کے نیچے گھومنا پسند کرے گی۔

6۔ کھانا نہ کھانا، رات کو دیر تک جاگنا۔

ان تمام علامتوں کو آپ قارئین محترم کو میں نے بتایا اور اب اس کا مکمل علاج اور توڑ بھی بتاتا ہوں۔ چاہے بندش جنات کی وجہ سے ہو یا جادو کی وجہ سے ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حصول مقصد ہوگا۔

سب سے پہلے علامتیں چیک کریں، چاہے جناتی ہو یا جادو کی ہو اگر عامل علاج کررہا ہو تو وہ ماہر عملیات ہونا ضروری ہے ورنہ سخت نقصان اٹھائے گا۔

علاج کے دوران بہت سی رکاوٹ آئیں گی۔ عامل سب سے پہلے اپنا صدقہ دے گوشت کا لازمی جمعرات کے دن نماز ظہر کے فوراً بعد سوا کلو بغیر ہڈی کا گوشت۔ سات بار اپنے سر سے وار کر کسی سمندر میں ڈال دیں یا ویران جگہ پر اور فوراً گھر آکر غسل کریں اور حصار کا خاص عمل اپنے لیے کرے۔ ایک بات اور عامل اپنے گھر سے دور جگہ اگر روحانی علاج کرتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل ہے۔ جو عامل گھر میں روحانی علاج کرتا ہو تو اس کا نقصان ہوگا۔ عامل کا سورۃ کوثر کا عامل ہونا ضروری ہے اور کم از کم پانچ چلے کیے ہوں۔ عامل علاج سے پہلے اپنا صدقہ دے اور علاج کے ختم ہونے کے بعد

بھی صدقہ دے، گوشت کا۔ جمعہ کے دن عروج ماہ سے علاج شروع کرے (عامل) لڑکی بندش سے نجات کے لیے سوا کلو کلیجی لیں اس پر عامل سورۃ کوثر 110 بار پڑھ کر دم کریں اور لڑکی کا دوپٹہ لیں اس پر کلیجی ڈال دیں لڑکی کے چند سر کے بال اور ناخن اسی کے ہاتھوں سے ڈال کر اس کے سر سے 9 بار وار کر ایسی جگہ ڈلوائیں۔ جہاں کوئی آتا جاتا نہ ہو اور کسی رات نماز عشاء کے بعد یہ عمل کرے دو رکعت نوافل حاجت ادا کریں اور عمل کا طریقہ یہ ہوگا۔

مثال: لڑکی کا نام شازیہ ہے تو شازیہ کے نام کے اعداد لیں۔

ش ـ ا ـ ز ـ ی ـ ہ

5+10+7+1+300

میزان: 323

سورۃ کوثر 323 بار پڑھیں۔ نیت شادی کی ہو، 21 یوم کے اندر اندر بندش ختم ہونا شروع ہو جائے گی۔

عمل جمعرات کے دن ساعت زہرہ میں اس نقش کو تیار کریں اور ہرے کپڑے میں لڑکی کے گلے میں ڈالیں۔

انما یرید اللہ لیذہب علیکم الرجس اہل البیت و یطہرکم تطہیرا

۹۲ ۶۸

کہیعص — حمعسق

الله ۹۹۸۲۰	الله ۹۹۸۱۳	الله ۹۹۸۲۷	الله ۹۹۸۱۳
الله ۹۹۸۲۶	الله ۹۹۸۱۴	الله ۹۹۸۱۹	الله ۹۹۸۲۴
الله ۹۹۸۱۵	الله ۹۹۸۲۹	الله ۹۹۸۲۱	الله ۹۹۸۱۸
الله ۹۹۸۲۲	الله ۹۹۸۱۷	الله ۹۹۸۱۶	الله ۹۹۸۲۸

۷۶ ۹۸

نہش۔ کہل۔ ماوش۔ بارلش۔ سدرش۔ ہوش۔ نوش۔ نواس۔
فہواش انحلت عقدہ۔

۹۲ ۶۸

کہیعص — حمعسق

محمد ۸۸۸۱۴	محمد ۸۸۸۱۷	محمد ۸۸۸۲۰	محمد ۸۸۸۰۷
محمد ۸۸۸۱۹	محمد ۸۸۸۰۸	محمد ۸۸۸۱۳	محمد ۸۸۸۱۸
محمد ۸۸۸۰۹	محمد ۸۸۸۲۳	محمد ۸۸۸۱۵	محمد ۸۸۸۱۲
محمد ۸۸۸۱۶	محمد ۸۸۸۱۱	محمد ۸۸۸۱۰	محمد ۸۸۸۲۱

۷۶ ۹۸

یاالٰہی فلاں بنت فلاں کی ہر طرح کی بندش نکاح ختم ہو۔ بحق ایں نقش
العجل الساعۃ الوحا۔ آمین

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے تیار کریں۔ 90 دن کے لیے یعنی تین ماہ کا کورس ہوگا۔ ایک نقش پورے دن پہنا ہوگا۔

۷۸۶

۲۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۲۰۹	الٓر۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ۔ حٰمٓ۔ نٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ صٓ	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

سولمالع ملحی ہلموخیم

اس فتیلے کو رات کو سونے سے پہلے پورے بدن پر دھونی دینے کے لیے دیں۔

حمعسق — کہیعص

۸ ۱۱۳	۱۱ ہامان	۱۴ ابلیس	۱ فرعون
۱۳ فرعون	۲ ۱۱۳	۷ ہامان	۱۲ ابلیس
۳ ابلیس	۱۶ فرعون	۹ ۱۱۳	۶ ہامان
۱۰ ہامان	۵ ابلیس	۴ فرعون	۱۵ ۱۱۳
۱۱۳ الوحا	ہامان الوحاالوحا	وابلیس الساعۃ	فرعون الساعۃ

یہ عمل 7 دن برابر کرنا ہے سورۃ کوثر اپنے ورد میں رکھتے ہوئے عامل اس فتیلہ سے جادو جنات بندش سے نجات دلوائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ مضمون آپ کو پسند آئے گا۔ مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھنا۔

جواہر اللماعۃ

ایک اور عربی کتاب جو بعد از ترجمہ آپ کے لیے پیش ہے۔ اس کتاب کے مصنف شیخ علی ابو الفتح المرزوقی ہیں۔ حروف کے علوی و سفلی ارواح وغیرہ سے لے کر انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اس قدیم کتاب میں عملیات کا ایک خزانہ ظاہر ہونے کے لیے پوشیدہ ہے۔ نقوش الواح، طلسمات، موکلات، حسابی، عددی، روحانی قواعد، محبت، خیر و شر، تسخیر، غیبی مدد، دعوت خدام و عون، قضاء حاجات، باہ، اشیاء کے خواص، طالب و مطلوب، تکمیل خواہشات و حاجات اور قسم قسم کے اعمال اس کتاب کی اہمیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ مستند عملیات اور روحانی علوم کے متلاشی عوام و خواص کے لیے خاص کتاب ہے۔ اس قدیم خزانہ سے مستفید ہونا آپ کے علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ کچھ سال پہلے راہنمائے عملیات میں اس کا قسط وار ترجمہ شائع ہوتا رہا ہے۔ اب مکمل کتاب بعد از ترجمہ قارئین کے لیے حاضر ہے۔

شعبان المعظم

کی عظمت واہمیت

تحریر: حافظ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

"شعبان المعظم" اسلامی سال کا آٹھواں مہینہ ہے، یہ بڑا ہی بابرکت ہے، کیونکہ اس ماہِ مبارک میں ایک فضیلت والی رات ہے، جس کا نام "شب برأت" ہے۔ اس رات اللہ تعالیٰ متصل بعد از نماز مغرب ساتویں آسمان سے آسمان دنیا پر جلوہ افروز ہوکر مقررہ فرشتوں کو آئندہ پورے سال کے احکامات صادر فرماتا ہے کہ رواں سال میں فلاں شخص کو کتنا رزق ملنا ہے، کس کی وفات ہونی ہے، کس روح نے دنیا میں آنا ہے، کس کو کیا مصیبت اور کیا خوشی نصیب ہونی ہے۔ سب کا سب ایک نظام کے تحت متعلقہ فرشتوں کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ اس رات میں اللہ رب العزت کی خوب عبادت کرنی چاہیے، درود شریف پڑھنا چاہیے، صلوٰۃ التسبیح پڑھنی چاہیے، جتنا ہو سکے ذکر و اذکار میں مشغول رہنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی چاہیے۔ پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور شعبان المعظم میرا مہینہ ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شعبان کی عظمت اور بزرگی دوسرے مہینوں پر اسی طرح ہے جس طرح مجھے تمام انبیاء پر عظمت اور فضیلت حاصل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: شعبان کا مہینہ آئے تو اپنے نفس کو رمضان کے لیے پاک کرلو۔ فرمایا کہ تمام مہینوں میں شعبان کی فضیلت ایسی ہے، جیسے میری فضیلت تم لوگوں پر۔ آپ ﷺ نے فرمایا: شعبان گناہوں کو مٹانے والا اور رمضان المبارک پاک کرنے والا مہینہ ہے۔ چنانچہ ماہ شعبان کی فضیلت کا اندازہ سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اس ارشاد سے لگایا جاسکتا ہے، جس میں آپ ﷺ نے فرمایا "تمام مہینوں میں شعبان کی فضیلت ایسی ہے جیسے میری فضیلت تمام لوگوں پر ہے۔"

امام بیہقی نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: عائشہ تم جانتی ہو یہ کیسی رات ہے؟ یعنی نصف شعبان کی رات؟ میں کہا یارسول اللہ ﷺ اس میں کیا ہوتا ہے؟ آپ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اولاد آدم میں سے اس سال میں جو بچہ پیدا ہونے والا ہو، اس کا نام لکھ دیا جاتا ہے اور سال بھر میں جتنے انسان مرنے والے ہوتے ہیں، ان کا نام لکھ کر دیا جاتا ہے، اور اس میں بندوں کے اعمال اٹھائے جاتے ہیں، اور اس رات بندوں کے رزق نازل کیے جاتے ہیں۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک، اس رات اللہ تعالیٰ مغفرت فرمادیتا ہے، اپنی تمام مخلوق کی، مگر مشرک اور کینہ رکھنے والے کی بخشش نہیں فرماتا۔ (مشکوٰۃ)

اس شب آٹھ رکعت نماز اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی مع سورۃ الاخلاص پڑھیں اور نماز فجر سے پہلے دو رکعت اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں ایک سو ایک بار سورۃ الاخلاص ہو، رکوع و سجود میں معمول کی تسبیح کے بعد "سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَ الرُّوحِ" کا اضافہ کریں۔ اجر عظیم کے ساتھ ساتھ جو دعا بھی مانگیں گے، ان شاء اللہ العزیز بارگاہِ الٰہی میں قبول و منظور ہوگی۔ شب برأت کے روز غروب

